★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 23 رجب المرجب 1446ھ، 24 جنوری 2025ء، 12 ماگھ 2081ب | صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 96

وزیر اعظم

ٹیکنٹری پارٹنرشپ فریم ورک کا افتتاح، ورلڈ بینک پاکستان میں 20 ارب ڈالر سرمایہ کاری کرے گا

ڈیفالٹ کا خواب دیکھنے والا ملک ٹولہ بار بار اسلام آباد پر چڑھائی کی کوشش کرتا ہے، برادر ممالک کے تعاون سے پاکستان ڈیفالٹ سے واپس آ کر ترقی کی جانب گامزن ہوا، سی پیک منصوبوں کی جلد تکمیل کیلئے کوشاں ہیں

حکومت اور میڈیا کا باہمی اعتماد کا رشتہ ہے، ملک میں اظہار رائے کی مکمل آزادی ہے اور حکومت میڈیا کے ریاست کا چوتھا ستون ہونے پر یقین رکھتی ہے، شہباز شریف کی پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن کے وفد سے گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ڈیفالٹ کا خواب دیکھنے والا ملک ٹولہ بار بار اسلام آباد پر چڑھائی کی کوشش کرتا ہے، ایسے عناصر کو پاکستان کی ترقی ہضم نہیں ہو رہی، برادر ممالک کے تعاون سے پاکستان ڈیفالٹ سے واپس آ کر ترقی کی جانب گامزن ہوا، افواج پاکستان سمیت پوری قوم دہشت گردی کے ناسور کے خلاف جنگ جاری رکھے گی، ان خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رہے گی، ان خیالات کا اظہار وزیراعظم نے پاکستان براڈکاسٹرز ایسوسی ایشن کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے جمعرات کو اسلام آباد میں ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ، وزارت اطلاعات کے اعلیٰ افسران، چیئرمین پاکستان براڈکاسٹرز ایسوسی ایشن میاں عامر محمود، میر ابراہیم، نائب (بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد: وفاقی وزیر عبدالعلیم خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب میں ٹیکس چوری کی اطلاع دینے والے شہریوں کو ایکسائز ملازمین کیلئے انعام کا اعلان

لاہور (آئی این پی) محکمہ ایکسائز پنجاب نے ٹیکس چوری روکنے کیلئے پارٹی ٹیکس کی چوری کی نشاندہی کرنے والوں کو جرمانے (بقیہ نمبر 5)

سٹاک مارکیٹ میں تیزی کا رجحان، ڈالر سستا ہو گیا

دوسری جانب تنہا ملہ مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت میں بھی کمی واقع ہوئی ہے

کراچی (آئی این پی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا مثبت آغاز ہوا، دوسری جانب تنہا ملہ مارکیٹ میں تیزی کا رجحان دیکھا گیا، کاروبار کے آغاز پر 100 انڈیکس میں 549 (بقیہ نمبر 4)

بادی النظر میں 2 رکنی ججز کمیٹی نے جوڈیشل آرڈر کو نظر انداز کیا، جسٹس منصور علی شاہ

بادی النظر میں دو رکنی جج کمیٹی نے جوڈیشل آرڈر کو نظر انداز کیا: جسٹس منصور علی شاہ؛ ماضی کی نسبت سپریم کورٹ کے اختیارات کم کر دیئے گئے: جسٹس عقیل عباسی

تھوڑا دھکا اور لگا کر آئینی عدالت بنا لیتے: جسٹس منصور کا احسن بھون سے مکالمہ، پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی ڈائریکٹ کیس آئینی بنچ میں نہیں لگا سکتی: خواجہ حارث

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف توہین عدالت کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا، ایڈیشنل رجسٹرار سپریم کورٹ مدثر عباس نے شوکاز نوٹس واپس لینے کی (بقیہ نمبر 9)

رجسٹرار کے خلاف توہین عدالت کیس کا فیصلہ محفوظ کرنوٹس کو جواب جمع کرادیا، شوکاز نوٹس میں ایڈیشنل رجسٹرار سپریم کورٹ مدثر عباس نے شوکاز استعفا کرتے ہوئے مؤقف اپنایا کہ عدالتی حکم کی نافرمانی نہیں کی، عدالتی آرڈر پر (بقیہ نمبر 9)

پی ٹی آئی کا حکومت کے ساتھ مذاکرات ختم کرنے کا اعلان

مذاکرات کے مزید راؤنڈز نہیں ہوں گے، ہماری تو بڑی خواہش تھی کہ مذاکرات جاری رہیں اور معاملات آگے بڑھیں لیکن شاید سیاسی اختلافات کی ٹھنڈک اتنی زیادہ ہے کہ اس سے برف پگھل نہیں رہی، بیرسٹر گوہر

افسوس کی بات' حکومت کی طرف سے آج تک کوئی اعلان نہیں ہوا، کمیشن سپریم کورٹ یا ایگزیکٹو کے تین سینئر ججز پر مشتمل ہوں، چیئرمین تحریک انصاف کی اڈیالہ جیل کے باہر بانی سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے حکومت کے ساتھ مذاکرات ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خٹک نے اڈیالہ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہوئی ہے، انہوں نے دو ٹوک اعلان کر دیا ہے، بانی پی ٹی (بقیہ نمبر 12)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جب حکمران اپنی مرضی شروع کر دیں تو پورا نظام گر جاتا ہے، بلاول

شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے آمروں کی ڈاکٹ کو مقابلہ کرنے کی وجہ مزدوروں کی سپورٹ تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ جو بھی نظام جو بدقت حکمران اپنی مرضی شروع کر دیں تو پھر پورا نظام گر جاتا ہے۔ اسلام آباد میں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول (بقیہ نمبر 2)

بھٹو زرداری کا تقریب سے خطاب ان کا کہنا تھا کہ اس وقت سیاست عوام کے مسائل کی نہیں ہو رہی، حکومت کو مشورہ ہے کہ متنی فسانہ دل کی مذاکرات سے فیصلے کریں، پاکستان پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 2)

گنڈاپور نے سلمان اکرم اور شیر افضل کے درمیان سیز فائر کرا دیا

ایک دوسرے کے خلاف بیانات کا فائدہ مخالفین کو ہوگا، علی امین گنڈاپور

پشاور (آئی این پی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے بیرسٹر گوہر اور شیر افضل مروت کے درمیان اختلافات کو ختم کرا دیا، سلمان اکرم راجا اور شیر افضل مروت کے درمیان سیز فائر کرا دیا۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق سلمان اکرم راجا اور شیر افضل مروت کے درمیان اختلافات کے معاملے پر وزیراعلیٰ کے (بقیہ نمبر 11)



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کا پگڑی پہنانے پر جشن منایا جا رہا ہے

بلوچستان میں 28 لاکھ زائد بچے اور بچیوں کے تعلیم سے محروم ہونے کا انکشاف

22 لاکھ بچے سرکاری و نجی سکولوں میں زیر تعلیم ہیں، صوبے میں 3 ہزار 694 سکولز غیر فعال ہیں، بلوچستان کے 6 ہزار 995 سکولوں میں سنگل ٹیچر ہے

کوئٹہ (پی این پی) بلوچستان میں 28 لاکھ سے زائد بچے اور بچیوں کے تعلیم سے محروم ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق صوبے میں 22 لاکھ سرکاری و نجی سکولوں میں زیر تعلیم ہیں، صوبے میں 3 ہزار 694 سکولز غیر فعال ہیں، بلوچستان کے 6 ہزار 995 سکولوں میں سنگل ٹیچر ہے، صوبے کے



واشنگٹن، وفاقی وزیر اطلاعات محسن نقوی اراکین کانگریس سے ملاقات کر رہے ہیں

کلہ چوک کنٹینر جلانے کا کیس، پی ٹی آئی رہنماؤں پر 30 جنوری کو فرد جرم عائد ہوگی

لاہور (آئی این پی) انسداد دہشتگرد عدالت نے کلہ چوک میں کنٹینر جلانے کے مقدمہ میں پی ٹی (بقیہ نمبر 10)

عازمین کی سہولیات میں اضافہ، حج اخراجات گزشتہ برس سے بھی کم ہو گئے

اسلام آباد (آئی این پی) کابینہ کی اقتصادی امور کمیٹی نے حج اخراجات گزشتہ برس (بقیہ نمبر 1 3)



اسلام آباد: چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی سے مشکم پارلیمان ٹیم کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب سکیننگ مقدمات میں مطلوب اشتہاریوں کے سر کی قیمت مقرر

130 اشتہاریوں کے سر کی قیمت انعام کی رقم مقرر کی گئی، مطلوب اشتہاریوں کی گرفتاری میں پیش رفت کا ماہانہ بنیادوں پر جائزہ لیا جائیگا

صوبے میں امن وامان کو قائم کرنے کے لیے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں، صوبائی وزیر قانون ملک صہیب احمد قہرتھ کا اجلاس سے خطاب

لاہور (آئی این پی) پنجاب حکومت نے سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاریوں کے سر کی قیمت مقرر کر دی، دہشت گردی، ناارکوٹکس، ڈکیتی، زنا، ڈکیتی، ڈرگ ڈیلرز، دہشت گرد، اغوا برائے تاوان و قتل خیر سماوی کی ترسیل، سپلائ کاری، اغوا برائے تاوان و قتل کی قیمت اور انعام (بقیہ نمبر 2 3)

اشتہاریوں کے سر کی قیمت مقرر کرنے کی منظوری دے دی، وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب کے مشیر برائے داخلہ و قبائلی امور اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری

روزنامہ "قوت" لاہور 24 جنوری 2024

سٹی نیوز





لاہور: وزیر بلدیات ذیشان رفیق، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری، وزیر اعلیٰ کے معاونین خصوصی ذیشان ملک اور راشد اقبال لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام میں پیشرفت سے متعلق اجلاس میں شریک ہیں

لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام شہر کی آئندہ 25 سال تک کی ضروریات پوری کریگا، وزیر بلدیات

وزیراعلیٰ مریم نواز کا زیادہ فوکس ماضی میں نظرانداز کئے گئے علاقے ہیں، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری

شفافیت اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، معاونین خصوصی ذیشان ملک، راشد اقبال

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات پنجاب مریم نواز کی صوبائی وزیراعلیٰ کے لئے میگا پراجیکٹ لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام (ایل ڈی پی) کا جائزہ لینے کے لئے گزشتہ روز سٹیزن کلب میں ایک اہم اجلاس ہوا جس کی صدارت کمشنر لاہور ڈویژن ڈاکٹر عثمان رفیق نے کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ یہ منصوبہ شہر کے اگلے 25 سال کی ضروریات پوری کرے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ایل ڈی پی کے پہلے مرحلے کے تحت 6 زونز میں سڑکوں، گلیوں، نالیوں کی تعمیر و مرمت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سیوریج سسٹم میں پرانی و بوسیدہ پائپ لائنز کو تبدیل کیا جائے گا۔ ایم ڈی واسا نے بریفنگ دی کہ 347 کلومیٹر پائپ لائنز بچھائی جائیں گی جن کے تحت

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 24 جنوری 2025ء

بغیر لائسنس زرعی ادویات فروخت کرنیوالے رعایت کے مستحق نہیں: ڈویژنل ڈائریکٹر پنجاب

ان کے خلاف بلاتفریق کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا غیر رجسٹرڈ ڈسٹری بیوٹرز کو قانون کے شکنجے میں لانے کیلئے کریک ڈاؤن جاری ہے



عارفوالا (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز ریف صاحبہ کے ویژن اور سیکرٹری زراعت کی ہدایات کے مطابق ڈویژنل ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ پنجاب ذوالفقار غوری کی سرپرستی میں ڈویژن بھر میں مختلف شہروں میں میاں ظہور احمد ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ پاکپتن نے اپنی ٹیم کے ہمراہ امین زاہد لودھی، ارسلان اور دیگر پیسٹی سائیڈ آفیسرز و عملہ پاکپتن نے 62/SP، چوک مرلے عارفوالا، غلہ منڈی پاکپتن اور ساہیوال کے علاقوں سے ایکسپائری، بغیر لائسنس، اور غیر قانونی اسٹوروں پر فروخت کرنے والی زرعی ادویات کی دو دکانوں پر چھاپے مار کر تقریباً 33.1 ملین روپے کی زرعی ادویات برآمد کر کے ملزمان کو موقع پر گرفتار کر کے پیسٹ آرڈیننس کے تحت مقدمہ درج کروادیا اس موقع پر ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ پنجاب ذوالفقار غوری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ایکسپائری، غیر معیاری اور بغیر لائسنس زرعی ادویات فروخت کرنے والے ڈیلر و مافیا کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ان کے خلاف بلاتفریق کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا غیر رجسٹرڈ ڈسٹری بیوٹرز کو قانون کے شکنجے میں لانے کیلئے کریک ڈاؤن جاری ہے انہوں نے کہا کہ پیسٹی سائیڈ مافیا کیخلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا ہے کیونکہ غریب کسانوں وزمینداروں کے ساتھ زیادتی برداشت نہیں کی جائے گی ایسے افراد کو قانون کی گرفت میں لانا از حد ضروری ہے۔

عوام کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ سمیت تمام محکموں کے افسران ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کریں: ڈپٹی کمشنر

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کے مطابق حکومت پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے سائلین کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ سمیت تمام محکموں کے افسران ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کریں اور عوامی ریلیف کو مدنظر رکھتے ہوئے فرائض کی ادائیگی کو یقینی بنائیں، انہوں نے کہا کہ گڈ گورننس کے لیے عوامی ریلیف بنیادی حیثیت کا حامل ہے لہذا اس سلسلہ میں کسی قسم کی کوتاہی سے ہرگز کام نہ لیا جائے اور عوامی مسائل کو اولین ترجیح سمجھ کر حل کیا جائے

انتظامیہ نے وزیراعلیٰ پنجاب کے احکامات ہوا میں اُڑا دیے

گیمبر قادرآباد میں ناجائز تجاوزات اور قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن شروع نہ ہوسکا: شہریوں کو دشواری کا سامنا

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ نے وزیراعلیٰ پنجاب کے احکامات ہوا میں اڑا دیے اور جس کی وجہ سے گیمبر قادرآباد میں ناجائز تجاوزات اور قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن شروع نہ ہوسکا ناجائز تجاوزات کی وجہ سے سڑکیں اور بازار انتہائی ۔وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال وزیراعلیٰ پنجاب کے احکامات پر عمل درآمد کروانے میں مکمل طور پر ناکام جس کی وجہ سے گیمبر قادرآباد اور اس کے گرد و نواح میں ناجائز تجاوزات مافیا کا راج ناجائز تجاوزات مافیا کی وجہ سے سڑکیں اور بازار انتہائی تنگ جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانگی انتہائی متاثر پیدل چلنا بھی محال گیمبر قادرآباد کی عوام کو شدید مشکلات کا سامنا جس کی وجہ سے گیمبر قادرآباد کی عوام ضلعی انتظامیہ پر شدید برہم گیمبر قادرآباد کی عوام کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی چیف سیکرٹری پنجاب سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادرآباد اور اس کے گرد و نواح میں ناجائز تجاوزات مافیا سے عوام کو نجات دلوانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور ناجائز تجاوزات مافیا کے خلاف قانونی کاروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے تاکہ سڑکیں اور بازار ناجائز تجاوزات مافیا سے پاک ہوسکیں

مقامی صحافیوں کی ٹیم سٹی پریس کلب نارنگ میں شامل

سٹی پریس کلب کی جانب سے شاندار استقبال کیا گیا



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مقامی صحافیوں کی ٹیم سٹی پریس کلب نارنگ میں شامل سٹی پریس کلب کی جانب سے شاندار استقبال کیا گیا میاں عبدالمنان کی جانب سے سٹی پریس کلب نارنگ کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں شیخوپورہ پریس کلب کے صدر مبشر حسن بٹ جنرل سیکرٹری ملک محمد فاروق فنانس سیکرٹری میاں ظہور اور گروپ لیڈر رانا عثمان نے خصوصی شرکت کی تقریب میں پہنچنے پر ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور سٹی پریس کلب کے نومنتخب چیئرمین شاہد یوسف وائس چیئرمین اعظم علی باجوہ چیئرمین سپریم کونسل خلیل احمد مغل صدر میاں محمد معظم نواز نائب صدر ظہیر ارشد مغل جنرل سیکرٹری محمد صاحب ممبران سپریم کونسل میاں محمد منشاء سیٹھ وقاص عثمان اور مرزا عبدالباسط کونسل ایڈوائزر منتخب ہونے پر مبارکباد دی نمائندہ دنیا نیوز نارنگ میاں عبدالمنان نمائندہ پبلک ٹی وی حافظ وحید مغل نمائندہ سنو نیوز نمائندہ ری پبلک نیوز رانا آصوب عظمت اور نمائندہ بروقت نیوز ملک ظہیر عباس نے سٹی پریس کلب نارنگ میں شمولیت اختیار کی۔

تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری، کوئی قانون سے بالاتر نہیں: محمد اقبال سنگھیڑہ

تحصیل بازار میں بھاری مشینری ولفٹر کے ساتھ زبردست انکروچمنٹ آپریشن کیا گیا



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ضلع بھر میں ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری ہے۔ محمد اقبال سنگھیڑہ کوئی شخص قانون سے بالاتر نہیں۔ ADCR سیالکوٹ

وزیراعلیٰ پنجاب کے حکم پر ناجائز تجاوزات کا خاتمہ اولین ترجیح ہے۔ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ کی ہدایات پر حکومت پنجاب کی اینٹی انکروچمنٹ پالیسی پر عمل پیرا چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ محمد اعجاز ملک کی زیر قیادت انچارج انکروچمنٹ سیل مستنصر بلوخان وانسپکٹر تیہ بازاری عمر شہزاد و عملہ انکروچمنٹ کا ٹریفک پولیس انکروچمنٹ انچارج انسپکٹر ملک خرم شہزاد کے ہمراہ تحصیل بازار میں بھاری مشینری دلفٹر کے ساتھ زبردست انکروچمنٹ آپریشن کیا گیا۔ اس دوران میڈیا کو آپریشن بارے بریفنگ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے واضح احکامات پر پنجاب بھر کے دیگر شہروں کی طرح سیالکوٹ میں بلاامتیاز اینٹی انکروچمنٹ آپریشن جاری ہے۔ بطور ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ آپریشن سے قبل ناجائز تجاوزات و تعمیرات مافیا کو وارننگ دی گئی تاکہ خود سے تجاوزات گرا دیں جن ناجائز تجاوزات والوں نے رضاکارانہ اپنی قائم کردہ ناجائز تجاوزات نہیں گرائیں

اسسٹنٹ کمشنر وسول ڈیفنس نے معمولی جرمانہ کرنے کی آڑ میں احتیاطی تدابیر کے برعکس کھلی چھوٹ دے دی



محلوں میں اسسٹنٹ کمشنر وسول ڈیفنس انتظامیہ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ملی بھگت سے ہر طرف منی بمب پٹرول پمپ مشینیں کر کے عرصہ دراز سے غیر قانونی عمل جاری ہے اسسٹنٹ کمشنر مرید کے سمیت دیگر اداروں کی چشم پوشی اداروں کی کارکردگی کو منہ چڑھا رہی ہے دوسری جانب جگہ جگہ ایل پی جی گیس بھرنے کا عمل جاری انتظامیہ معمولی جرمانے کرنے کی آڑ میں پٹرول مشینوں اور گیس فلنگ اسٹیشن کو کھلم کھلا چھوٹ دینے لگ پڑی جو بغیر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے برعکس ہیں اور کسی وقت بھی کسی بڑے سانحہ کا سبب بن سکتی ہے شہریوں تاجروں رفاہی وسماجی تنظیموں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی محتسب اعلیٰ چیف سیکرٹری پنجاب اور دیگر ارباب اختیار سے فوری نوٹس لینے غیر قانونی نصف شدہ منی پٹرول پمپ مشینوں اور گیس فلنگ اسٹیشن کیخلاف مقدمات درج کر کے سیٹنیں ضبط کرنے کا مطالبہ کیا ہے

مرید کے (نمائندہ پاکستان) شیخوپورہ کی تحصیل مرید کے میں منی پٹرول مشینیں شہری خطرے میں اسسٹنٹ کمشنر وسول ڈیفنس نے معمولی جرمانہ کرنے کی آڑ میں احتیاطی تدابیر کے برعکس کھلی چھوٹ دے دی کسی وقت بھی انتظامیہ کی نالائی کے باعث بڑا سانحہ ہونے کے خدشات منڈلانے کا سلسلہ جاری شہریوں کا وزیراعلیٰ سمیت دیگر ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیل کھطابق مرید کے شہر گلی کے احکامات پر عمل درآمد کروانے میں مکمل طور پر ناکام جس کی وجہ سے گیمبر قادرآباد اور اس کے گرد و نواح میں ناجائز تجاوزات مافیا کی وجہ سے سڑکیں اور بازار انتہائی تنگ جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانگی انتہائی متاثر پیدل چلنا بھی محال گیمبر قادرآباد کی عوام کو شدید مشکلات کا سامنا جس کی وجہ سے گیمبر قادرآباد کی عوام ضلعی انتظامیہ پر شدید برہم

سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو کیپٹن ریٹائرڈ سہیل اشرف گورائیہ کا ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

بچیکی موڑ کھنڈا روڈ کی بحالی سمیت برخوردار تا ننکانہ روڈ کے تعمیراتی کام کا بھی معائنہ کیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو کیپٹن ریٹائرڈ سہیل اشرف گورائیہ کا ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ننکانہ صاحب کا دورہ، ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو سمیت دیگر افسران نے سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو کیپٹن ریٹائرڈ سہیل اشرف گورائیہ کا استقبال کیا۔ سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو کیپٹن ریٹائرڈ سہیل اشرف گورائیہ نے رورل ہیلتھ سنٹر بچیکی، دیہی مرکز صحت کھیاڑے کلاں کی ری ویمپنگ کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بچیکی موڑ کھنڈا روڈ کی بحالی سمیت برخوردار تا ننکانہ روڈ کے تعمیراتی کام کا بھی جائزہ لیا اور ترقیاتی منصوبوں میں استعمال ہونے والے میٹریل کی کوالٹی کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو و دیگر افسران نے سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو کو جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں بارے بریفنگ دی۔ اس موقع پر سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو پنجاب کیپٹن ریٹائرڈ سہیل اشرف گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خصوصی احکامات پر ضلع ننکانہ صاحب میں اربوں روپے کے میگا پراجیکٹس شروع کیے گئے ہیں، تمام منصوبے عوامی فلاح کے منصوبے ہیں

سیالکوٹ میں ٹیکنالوجی پارک کا قیام جلد عمل میں لایا جائے گا: ڈپٹی کمشنر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سڑک کی تعمیر پر ایم پی اے چوہدری طارق سبحانی کے مشکور ہیں۔عوامی لیڈر و ریو قبیلہ نے ریکارڈ کام کرائے۔ مہر سفیان۔معروف ایجوکیٹر مہر سفیان آف کڈ کلب اکبر آباد سیالکوٹ عوامی لیڈر و چیئرمین بلدیات پنجاب چوہدری طارق سبحانی و ریو کے تہہ دل سے مشکور ہیں جنہوں نے ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے پیر اکبر حسین شاہ روڈ تعمیر کرا کے اہل علاقہ و ملحقہ دیہات کے علاقہ مکینوں کیلئے زرائع مواصلات کی بہتر سہولیات فراہم کیں۔اس موقع پر علاقہ مکینوں کیجانب سے خدمت قبیلہ و ریو قبیلہ کو انکی عوامی خدمات پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ چوہدری طارق سبحانی و ریو ایک عوامی لیڈر ہیں جو اپنے حلقہ کی عوام کیساتھ اپنے ہر ایک وعدہ کو ایفا کرتے ہیں

سڑک کی تعمیر پر ایم پی اے چوہدری طارق سبحانی کے مشکور ہیں

عوامی لیڈر و ریو قبیلہ نے ریکارڈ کام کرائے: مہر سفیان



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سڑک کی تعمیر پر ایم پی اے چوہدری طارق سبحانی کے مشکور ہیں۔عوامی لیڈر و ریو قبیلہ نے ریکارڈ کام کرائے۔ مہر سفیان۔معروف ایجوکیٹر مہر سفیان آف کڈ کلب اکبر آباد سیالکوٹ عوامی لیڈر و چیئرمین بلدیات پنجاب چوہدری طارق سبحانی و ریو کے تہہ دل سے مشکور ہیں جنہوں نے ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے پیر اکبر حسین شاہ روڈ تعمیر کرا کے اہل علاقہ و ملحقہ دیہات کے علاقہ مکینوں کیلئے زرائع مواصلات کی بہتر سہولیات فراہم کیں۔اس موقع پر علاقہ مکینوں کیجانب سے خدمت قبیلہ و ریو قبیلہ کو انکی عوامی خدمات پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ چوہدری طارق سبحانی و ریو ایک عوامی لیڈر ہیں جو اپنے حلقہ کی عوام کیساتھ اپنے ہر ایک وعدہ کو ایفا کرتے ہیں

منہاج یونیورسٹی لاہور کے زیر اہتمام آٹھویں ورلڈ اسلامک اکنامک اینڈ فنانس کانفرنس 25 اور 26 جنوری کو منہاج یونیورسٹی لاہور میں منعقد ہوگی

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر عظیم رمضان سے) منہاج یونیورسٹی لاہور کے زیر اہتمام آٹھویں ورلڈ اسلامک اکنامک اینڈ فنانس کانفرنس 25 اور 26 جنوری کو منہاج یونیورسٹی لاہور میں منعقد ہوگی۔ دو روزہ عالمی کانفرنس میں پاکستان سمیت امریکہ، برطانیہ، ملائشیا، بحرین، بروناٹی ایران، سعودی عرب، بنگلہ دیش، نائجیریا، یو اے ایف، لیبیا اور مصر سے اسلامی معاشیات سے وابستہ نامور محققین، ماہرین تعلیم اور ریسرچ سکالرز شرکت کریں گے اور اپنے مقالے پیش کریں گے۔ کانفرنس کے مرکزی سپانسرز میں الصادق (علیہ السلام) انسٹیٹیوٹ آف اسلامک بینکنگ، فنانس اینڈ تکافل، بنک الفلاح (اسلامک) آر سی ڈی پی اور۔ پاک قطر گروپ شامل ہیں۔نامور ماہر معاشیات، ڈپٹی چیئرمین بورڈ آف گورنرز منہاج یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری کانفرنس کے افتتاحی سیشن میں کلیدی خطاب کریں گے۔ بروناٹی دارالاسلام سے پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق بھٹی کانفرنس کا تعارف پیش کریں گے جبکہ وائس چانسلر منہاج یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ساجد محمود شہزاد خطبہ استقبالیہ پیش کریں گے۔ کانفرنس کے آخری روز اختتامی سیشن میں کانفرنس کنوینر، رجسٹرار منہاج یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خرم شہزاد کانفرنس کا اعلامیہ پیش کریں گے۔

انسانیت کی فلاح کے مشن پر کاربند ادارے عظمت کے مینار ہیں: ڈپٹی کمشنر

وزیرآباد (نامہ نگار) انسانیت کی فلاح کے مشن پر کاربند ادارے عظمت کے مینار ہیں، مادہ پرستی کے دور میں معاشرتی ترقی کے لئے سماجی تنظیموں کا کردار امید کی روشن کرن ہے، مسلم ہینڈز کی بین الاقوامی خدمات لائق تحسین ہیں اور مریضوں کی بہبود کی ذمہ داری نبھانے والے میدان خدمت کے روشن ستارے ہیں۔ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں مریضوں کے لواحقین کے لئے مسلم ہینڈز کینٹین اور انجمن بہبودی مریضاں کے مشترکہ تعاون سے تعمیر کردہ آرامگاہ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر وزیرآباد محمد رب نواز چدھڑ، ایم ایس ڈاکٹر سعدیہ پرویز میر، کنٹری ڈائریکٹر مسلم ہینڈز صاحبزادہ سید ضیاء النور، صدر انجمن بہبودی مریضاں ناصر محمود اللہ والے، صدر پرچم ویلفیئر فاؤنڈیشن محمد سرور چوہان، محمد اسلم جتالہ، محمد عثمان سمیت سیاسی وسماجی شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

چائلڈ پروٹیکشن و ویلفیئر بیورو کا ضلع کچہری میں بھکاریوں کے خلاف گرینڈ ریسکیو آپریشن



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی ہدایت اور صدر و سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے تعاون سے چائلڈ پروٹیکشن و ویلفیئر بیورو کا ضلع کچہری میں بھیک مانگنے والے بچوں اور بھکاریوں کے خلاف گرینڈ ریسکیو آپریشن کیا گیا۔ ضلعی پولیس، سول ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے بھی حصہ لیا۔ ایک درجن سے زائد بچوں کو ریسکیو کیا گیا اور پیشہ ور بھکاریوں کو بھی حراست میں لیا گیا۔صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن عرفان اللہ وڑائچ اور سیکرٹری افضال اسلم و ممبران نے ضلع کچہری میں بھکاریوں کے خلاف آپریشن پر اطمینان کا اظہار کیا اور اپنے ہر قسم کے تعاون اور حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

ڈویژنل چیئرمین، ڈویژنل سیکرٹری کی نومنتخب صدر بار ایسوسی ایشن عارف والا ملک شکیل اعوان کو مبارکباد

عارفوالا (تحصیل رپورٹر امیر احمد خان سے) ڈویژنل چیئرمین و زونل سیکرٹری سرکل ساہیوال رانا غلام عباس، ڈویژنل سیکرٹری ملک فیض رسول کھوکھر کی اپنے وا پڈا وفد کے ہمراہ نومنتخب صدر بار ایسوسی ایشن عارف والا ملک شکیل اعوان کو الیکشن میں شاندار کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور مالائیں پہنائی گئیں رانا غلام عباس نے نومنتخب صدر ملک شکیل اعوان کہ لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں مکمل یقین ہے کہ نومنتخب صدر ملک شکیل اعوان ایڈووکیٹ عوامی مسائل اجاگر کرنے، بار اور بینچ میں خوشگوار تعلقات قائم کرنے اور اداروں، سول سوسائٹی کے درمیاں بہترین کوارڈینیشن پیدا کرتے ہوئے وہ عوامی مسائل میں بھی اپنا کردار ادا کریں گے صدر بار نے آنے والے تمام دوستوں کا شکریہ ادا کیا اس موقع پر انجینیئر سردار نعیم سہیل ڈوگر T.A ٹو ایکسین ڈویژنل یوتھ سیکرٹری وسیم ارشد چوہدری اور زونل انفارمیشن سیکرٹری سرکل ساہیوال محمد ابرار چشتی بھی موجود تھے

لیسکو کینٹ ڈویژن اوکاڑہ کا رینجرز اور پنجاب پولیس کے ہمراہ بجلی چوری اور نادہندگان کے خلاف گرینڈ آپریشن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) لیسکو کینٹ ڈویژن اوکاڑہ کا رینجرز اور پنجاب پولیس کے ہمراہ بجلی چوری اور نادہندگان کے خلاف گرینڈ آپریشن۔ انجینئر سید قربان علی شاہ، انجینئر رانا عرفان علی کی واضح ہدایات کی روشنی میں، بجلی چوری اور نادہندگان کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ میاں محمد فاروق، ڈپٹی مینیجر آپریشن لیسکو کینٹ ڈویژن، اوکاڑہ کی قیادت میں، ایس ڈی او منظور حسین رند بلوچ نے پاکستان رینجرز، پنجاب پولیس، اور لیسکو کی ٹیم کے ہمراہ ایک منظم اور کامیاب آپریشن انجام دیا۔ سب سے پہلے 31 فوراییل میں چھاپہ مارا گیا جس کے بعد 32 فوراییل، 34 فور ایبل، 43 فور ایبل اور دیگر علاقوں میں چھاپہ مارے جس میں 7 ٹیوب ویل نادہندگان کے ٹرانسفارمرز ہٹائے، 14 ٹیوب ویل مالکان کے گھریلو میٹرز منقطع، 3 ڈیڈ ڈیفالٹر سائٹس کے میٹرز ہٹائے اور متعدد کاروائیاں کی گئیں۔ اس موقع پر Sdo منظور حسین رند بلوچ کا کہنا تھا کہ بجلی چور اور نادہندگان نہ صرف قومی وسائل کو نقصان پہنچا رہے ہیں بلکہ ریاست پاکستان کے مجرم ہیں۔ ان کے خلاف سخت کارروائی جاری رہے گی اور کسی بھی مجرم کو معافی نہیں دی جائے گی۔

عوامی پارکس میں گندگی کے ڈھیر صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) عوامی پارکس میں گندگی کے ڈھیر صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات صحت بخش سہولت کی بجائے بدبو سے سانس لینا محال واک کیلئے جانے والے مرد خواتین کو خوشگوار ماحول کی بجائے تعفن بدبو کا سامنا انتظامیہ کا فوٹو سیشن عملی اقدامات صفر تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی کے عوامی پارکس میں صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات ہیں گندگی کے ڈھیر پریشانی کا باعث بن رہے ہیں بدبو تعفن سے سانس لینا محال ہو چکا واک کرنے والوں مرد خواتین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا خوشگوار ماحول کے لئے پارکس کا رخ کرتے ہیں جہاں تندرستی کے بجائے مختلف بیماریاں ملتی ہیں ایک طرف وزیراعلیٰ مریم نواز کی ستھرا پنجاب مہم زور و شور سے جاری ہے تو دوسری جانب نارنگ منڈی کے پارکس میں صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات ستھرا پنجاب مہم کو کمزور کر رہے ہیں انتظامیہ صرف فوٹو سیشن سے ہی سب اچھا کی رپورٹ ہی اعلیٰ حکام کو ارسال کر رہے مگر عملی اقدامات نہ ہونے کے برابر ہیں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

لاہور میں صوبہ بھر کے ہزاروں سرکاری ملازمین نے پینشن اور لیو انکیشمنٹ کے خلاف احتجاج کر کے ثابت کر دیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) شاہین لیبر فیڈریشن کے مرکزی چیئرمین اسحٰق کھوکھر نے کہا ہے کہ لاہور میں صوبہ بھر کے ہزاروں سرکاری ملازمین نے پینشن اور لیو انکیشمنٹ کے خلاف احتجاج کر کے ثابت کر دیا ہے کہ موجودہ حکومت نے سرکاری ملازمین کے حقوق پر شب خون مارا ہے جس کے خلاف سرکاری ملازمین اب اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اقتدار میں آنے سے قبل مریم نواز شریف نے سرکاری ملازمین سے جو وعدے کئے تھے۔اب ان سے انحراف کر کے ملازمین کا معاشی قتل کیا جا رہا ہے۔انہوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ پینشن اور لیو انکیشمنٹ کے سلسلہ میں جاری کردہ نوٹیفکیشن فوری طور پر واپس لئے جائیں

ممبر چوہدری محمد مقصود سابق کونسلر لیاقت علی کھوکھر۔ راؤ سکندر۔ حافظ عبد الرزاق کی طرف سے مبارکباد

مانچن آباد (تحصیل رپورٹر) محترم جناب طارق وٹو صاحب کو بطور پرنسپل گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول مانچن آباد کا چارج سنبھالنے پر جمعیت علماء اسلام تحصیل مانچن آباد کے نائب امیر اور سابق نائب ناظم سید علی مانچن آباد کے ممبر چوہدری محمد مقصود سابق کونسلر لیاقت علی کھوکھر۔ راؤ سکندر۔ حافظ عبد الرزاق کی طرف سے مبارکباد۔نیک تمناؤں کا اظہار اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے اور عزت سے نوازے

مانچن آباد نشتر رحمان لودھی اسسٹنٹ کمشنر مانچن آباد انچارج سنبھال لیا

مانچن آباد (تحصیل رپورٹر) مانچن آباد نشتر رحمان لودھی اسسٹنٹ کمشنر مانچن آباد انچارج سنبھال لیا۔اسسٹنٹ کمشنر احمد ندیم کا تبادلہ چولستان اتھارٹی میں کر دیا ان کے تبادلے کے بعد نشتر رحمان لودھی کو اسسٹنٹ کمشنر مانچن آباد کر دیا گیا ہے

26 ویں آئینی ترمیم سے عدالتی نظام کمزور ہوا، تمام حقیقت سامنے آچکی ہے

سیاسی حوالے سے ہم ہر سطح پر مذاکرات کر رہے ہیں: ریحانہ امتیاز ڈار



سیالکوٹ (پریس ریلیز) پاکستان تحریک انصاف رہنما و ٹکٹ ہولڈر این اے 71 ریحانہ امتیاز ڈار نے کہا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم سے عدالتی نظام کمزور ہوا، تمام حقیقت سامنے آچکی ہے، ہم اعلیٰ عدلیہ سے رجوع کریں گے جبکہ سیاسی حوالے سے ہم ہر سطح پر مذاکرات کر رہے ہیں۔ نومئی کے بانی پی ٹی آئی کو ٹارگٹ کر کے 200 کیسز بنائے گئے، من پسند ڈیل نہ ملنے پر عمران خان کو ہدف کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ملک میں پچھلے کچھ دنوں سے تماشہ لگا ہوا ہے، آپ سچ کو چھپا نہیں سکتے، بار بار جھوٹ بولتے ہیں۔ سیاست میں خواتین کو ٹارگٹ کرنا شریف خاندان کی روایت ہے۔ پاکستان کی سیاست میں خواتین کو ٹارگٹ کرنا شریف خاندان کی روایت ہے، ملک کے سب سے بڑے صوبہ پر جعلی وزیراعلیٰ تعینات ہے، خواتین جب سماعت سنتی تو کانوں کو ہاتھ لگاتی ہیں، یہ تذلیل صرف بشریٰ بی بی کی نہیں پورے ملک کی خواتین کی تھی، من مانی ڈیلز مانگی جا رہی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف رہنما و ٹکٹ ہولڈر این اے 71 ریحانہ امتیاز ڈار نے یونین کونسل نیکا پورہ میں انصاف یوتھ ونگ کے رہنما ملک فرحان اعوان کی شادی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ بعد ازاں جناح ہاؤس میں ضلع خوشاب سے ملک شہزاد ظہور اور امریکہ سے آئے شیخ لطف اللہ ایڈووکیٹ سے ملاقات کی۔

پاکستان کے پہلے مقامی الیکٹرو-آپٹیکل (EO-1) سیٹلائیٹ کی روانگی بڑی کامیابی ہے: محمد خالد وسیم

اہم سنگ میل پر پاکستانی سائنٹسٹ وقوم کو مبارکباد



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) میں سپارکو (پاکستان کی خلائی و بالائی فضائی تحقیقاتی کمیشن) کی انتظامیہ اور ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے پاکستان کے پہلے مکمل طور پر مقامی الیکٹرو-آپٹیکل (EO-1) سیٹلائٹ کو کامیابی کے ساتھ خلا میں بھیجنے میں کامیابی حاصل کی۔ یہ سیٹلائٹ چین کے جیوچھوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے خلا میں روانہ کیا گیا۔ پاکستانی سائنسدانوں کی محنت اور ہر شعبہ کے ہمارے پاکستانی ایکسپرٹس کی آج کے انتہائی اہم سنگ میل پر پاکستانی سائنسدانوں اور قوم کو مبارکباد دیتا ہوں۔ سیٹلائٹ آسمانوں کی طرف رواں دواں ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف عوامی لیڈر و فرز ند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے جاری میڈیا میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز میں پوٹینشل کی کمی ہے نہ ہی باصلاحیت سائنسدانوں اور ہر شعبہ کے ہمارے پاکستانی ایکسپرٹس کی کمی ہے۔

الیکٹرانک میڈیا پتوکی کا الیکشن 2025 تا 2026 رجسٹرڈ پریس کلب پتوکی میں منعقد ہوا

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) الیکٹرانک میڈیا پتوکی کا الیکشن 2025 تا 2026 رجسٹرڈ پریس کلب پتوکی میں منعقد ہوا جس میں تمام سابقہ میڈیا گروپ الیکٹرانک میڈیا تحصیل پتوکی کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہو گئے چیف آرگنائزر اشفاق چوہدری چیئرمن جمیل حیدر جنرل سیکرٹری شیخ احسن سلیم فنانس سیکرٹری رضوان طارق سینئر نائب صدر محمد وقاص گروپ لیڈر تنویر احمد قادری، سیکرٹری اطلاعات و نشریات عمران حیدر آفس سیکرٹری فیصل علی کو منتخب ہونے پر ڈھول کے تھاپ پر صحافیوں کی جانب سے بھنگڑے ڈالے گئے، مالائیں پہنائی گئیں اور نوٹ بھی نچھاور کیے گئے اور آخر میں مٹھائیاں تقسیم کی گئیں صدر الیکٹرانک میڈیا تحصیل پتوکی شاہین بخاری کی جانب سے صحافیوں کو پر تکلف اشاعیہ بھی دیا گیا۔



ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی لاپرواہی سے گیمبر قادرآباد اور اس کے گرد و نواح میں ناجائز منافعہ خور

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی لاپرواہی سے گیمبر قادرآباد اور اس کے گرد و نواح میں ناجائز منافعہ خوروں نے مصنوعی مہنگائی کے ذریعے عوام کا خون چوسنا شروع کر دیا مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کے خلاف کاروائی کرنے والا کوئی نہیں ضل

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

افغانستان سے پاکستان میں دہشتگردی کے مزید ثبوت

پاک فوج کے ترجمان ادارے آئی ایس پی آر نے اس امر کی تصدیق کی ہے کہ بلوچستان کے ضلع ژوب کے سرحدی علاقے سمبازہ میں ہلاک ہونے والا دہشت گرد افغان شہری تھا۔ اس سلسلہ میں آئی ایس پی آر کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ رواں ماہ گیارہ جنوری کو بلوچستان کے ضلع ژوب کے سرحدی علاقے سمبازہ میں ہونے والی دہشت گردی کی واردات میں افغان شہری ملوث تھا جس کی شناخت محمد خاں احمد خیل کے نام سے ہوئی ہے جو حاجی قاسم کا بیٹا اور افغانستان کے صوبہ پکتیا کے ضلع وزیر خوا کے گاؤں پلورائی کا رہائشی تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد اس دہشت گرد کی لاش 20 جنوری کو عبوری افغان حکومت کے حکام کے حوالے کر دی گئی۔ یہ واقعہ پاکستان میں دہشت گردی میں افغان شہریوں کے ملوث ہونے کا ناقابلِ تردید ثبوت ہے۔ عبوری افغان حکومت سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری پوری کرے اور پاکستان کے خلاف دہشت گردانہ کارروائیوں کے لئے افغان سرزمین استعمال کرنے سے دہشت گردوں کو روکے۔ یہ امر واقع ہے کہ گزشتہ دو سال سے پاکستان میں جاری دہشت گردی کی وارداتوں میں زیادہ تر افغان باشندے ہی ملوث ہیں جو افغانستان سے سرحد عبور کر کے پاکستان میں داخل ہوتے ہیں۔ ان افغان باشندوں کی معاونت سے ہی کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے دہشت گرد بھی پاکستان میں داخل ہو کر یہاں دہشت و وحشت کا بازار گرم کرتے ہیں جس کے پاکستان کے سکیورٹی اور انٹیلی جنس اداروں کے پاس ٹھوس ثبوت موجود ہیں چنانچہ پاکستان کی جانب سے اس حوالے سے عبوری طالبان انتظامیہ سے متعدد بار احتجاج بھی کیا جا چکا ہے اور افغان سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کے لئے استعمال نہ ہونے دینے کا کہا جا چکا ہے مگر طالبان حکومت دہشت گردوں کا پاکستان میں داخلہ روکنے کے اقدامات اٹھانے کے بجائے پاکستان کے ساتھ سخت لب و لہجے میں بات کرتی نظر آتی ہے جو اس کی جانب سے دہشت گردوں کی سرپرستی اور سہولت کاری کی ٹھوس دلیل ہے۔ پاکستان نے اسی بنیاد پر گزشتہ ماہ افغانستان کے اندر دہشت گردوں کے محفوظ ٹھکانوں پر فضائی حملہ کر کے یہ ٹھکانے تباہ کئے مگر افغان سرزمین پر دہشت گردوں کا نیٹ ورک ابھی تک موجود ہے جسے پاکستان میں دہشت گردی کے لئے بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ یہ دہشت گرد جو پاکستان کی سلامتی کمزور کرنے کے بھارتی ایجنڈے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں، وہ افغانستان میں چھوڑا ہوا امریکی اسلحہ اور گولہ بارود پاکستان میں دہشت گردی کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔ یہی دہشت گرد علاقائی امن واستحکام کی راہ میں حائل ہیں جن کی پاکستان میں دہشت گردی کے ٹھوس ثبوت موجود ہیں اس لئے خطے میں قیام امن کی خاطر ان دہشت گردوں کو نکیل ڈالنا ضروری ہے۔ اس کے لئے امریکہ کو بھی عبوری طالبان انتظامیہ کو شٹ اپ کال دینی چاہیے کہ وہ امریکی اسلحہ دہشت گردوں کے ہاتھوں استعمال نہ ہونے دے۔

حوا کی بیٹی

برفیلی ٹھنڈی سیاہ رات میرے گھر کے دروازے پر دو عورتیں سیاہ برقعوں میں ملبوس میرے انتظار میں کھڑی تھیں میں گلی میں تھوڑی واک کے بعد ٹھنڈ سے بھاگ کر نرم گداز گرم بستر میں جا کر نرم گداز رضائی کی آغوش میں سردی کا علاج کرنا چاہ رہا تھا لیکن میرے اور گرم رضائی کے درمیان دو عورتیں رات کے وقت جب ہر کوئی اپنے گھروں میں گرما گرم بستروں میں استراحت فرما رہے تھے پر دونوں پتہ نہیں کس مصیبت کی ماری میرے دروازے پر کھڑی تھیں میں قریب ہوا تو دھندآلود روشنی میں دونوں کو دیکھا ایک بوڑھی اور ایک جوان لڑکی سراپا انتظار تھیں چند لمحوں میں دونوں کو پہچان گیا یہ دونوں ماں بیٹی پچھلے کئی دنوں سے میرے پاس آستانے پر آ رہی تھیں آج پتہ نہیں کونسی ایمرجنسی آ گئی کہ دو دنوں کا انتظار بھی نہیں کیا اور پتہ نہیں کہاں سے میرے گھر کا ایڈریس لے کر میرے گھر کے دروازے پر کھڑی تھیں ان کے اِس طرح میرے گھر پر آنے پر مجھے اچھا نہیں لگا اصل میں میں رضائی کی طرف بڑھ رہا تھا باہر گلی میں منجمد کر نے والی سردی تھی میں اِس وقت کسی سے ملنے کے موڈ میں نہیں تھا میرے لہجے اور چہرے پر ناگواریت سی آ گئی تھی میں بولا باجی آپ میرے پاس آتی تو میں آج ایسی کونسی مصیبت یا ایمرجنسی آ گئی کہ آپ میرے آرام کے وقت میرے گھر آ گئی ہیں آپ انتظار کر لیتیں اور وہاں آ جاتیں وہاں پر میں نے ہر بار آپ کی بات بھی سنی ہے اور اُس کا حل بھی بتانے کی کوشش کی ہے پھر بھی آپ یہاں آ گئی ہیں میرے تلخ لہجے پر بیٹی بولی انکل آپ سے شرمندہ اور معافی مانگتی ہوں امی تو یہاں نہیں آنا چاہتی تھیں لیکن میں ہی امی کو مجبور کر کے زبردستی یہاں لائی ہوں اِس میں سارا قصور تو میرا ہے آپ مجھے بیٹی کہتے ہیں اِس لیے بیٹی سمجھ کر مجھے اور امی کو معاف کر دیں آئندہ ہم آپ کو یہاں تکلیف نہیں دیں گی لیکن دعا کریں کہ مشکل مصیبت میں ہم گرفتار ہیں اللہ تعالیٰ ایسی مشکل زندگی دشمنی کو بھی نہ دے وہ اپنی صفائی میں بات کو طول دینا چاہ رہی تھیں جبکہ میں بات کو جلدی ختم کر ناچاہ رہا تھا میں بولا مجھے آپ کا کیس یاد ہے کہ ملک صاحب جو آپ کی مدد کرتے ہیں وہ اب آپ سے ناراض ہیں اور آپ کے گھر نہیں آنے وہ جلدی آ جائیں تو آپ پریشان نہ ہوں وظیفہ جاری رکھیں میں کیا دعا کروں اور وہ بہت جلد آپ کی طرف آ جائیں گے آپ اب جائیں اللہ کے فضل سے جلدی آپ لوگوں کا مسئلہ حل ہو جائے گا مجھے دونوں ماں بیٹی کا مسئلہ یاد آ گیا تھا یہ چار پانچ دفعہ میرے پاس آئیں تھیں ہر بار بڑے عجیب پراسرار سے لہجے میں کہتیں بابا جی دعا کریں ہمارے حالات ٹھیک ہو جائیں مہنگائی بہت ہے اب گزارے نہیں ہیں ماں بولی میری صرف پانچ بیٹیاں ہیں خاوند فوت ہو چکا ہے بیٹا ہے نہیں ایک بیٹی کسی پارلر میں کام کرتی



ہے وہی واحد سہارا ہے اُس کے علاوہ کوئی کمانے والا نہیں ہے لیکن جو بیٹی پارلر پر کام کرتی ہے اُس کو تنخواہ اتنی تھوڑی ہے کہ بڑی مشکل سے گھر کا کرایہ ادا ہوتا ہے کرائے کے بعد بجلی گیس پانی بل اور پیٹ کا دوزخ پھرنے کے لیے اناج روٹی بھی تو چاہیے اوپر سے مہنگائی نے تو سارے ریکارڈ ہی توڑ دیئے ہیں اِس شدید مہنگائی کی وجہ سے ہم لوگ اب ایک وقت کھانا چاہتے ہیں وہ بھی چٹنی شوربے سے دو وقت کا کھانا بھی نصیب نہیں ہوتا ایسے حالات میں ملک صاحب ہی ہمارا سہارا تھے جو گھر کا راشن لا دیتے اِس طرح ہم زندگی کے کچے دھاگے کو چلا رہے ہیں اب جب سے ملک نے ہاتھ کھینچ لیا راشن دینا بند کر دیا تو ایک وقت کا کھانا بھی مشکل ہو گیا امی دو گھروں میں صفائی کرتی ہیں ہر گزرتے دن کے ساتھ زندگی مشکل سے مشکل ہوتی جا رہی ہے غربت مٹانے کے لیے دو چار بابوں کے پاس گئے تو انہوں نے نذرانے کے پیسے مانگے جب پیسے نہ دیئے تو ہوس بھری نظروں سے دیکھا کسی نے آپ کے بارے میں بتایا تا آپ کے پاس غربت مٹانے آ گئے لیکن جہاں آپ لوگوں سے ملتے ہیں وہاں پر بہت رش ہوتا ہے بندہ کھل کے بات نہیں کر سکتا اور نہ ہی ملک صاحب کا کیس آپ سے کہا جا سکتا ہے سر اِس لیے میں نے سارا مسئلہ اِس خط میں لکھ دیا ہے تا کہ آپ کیس کو سمجھ سکیں پھر فیصلہ کریں کہ ملک صاحب کا مسئلہ کس طرح حل ہونا چاہیے کہہ کیا ہوا کاغذ مجھے دے کر دونوں ماں بیٹی معذرت کر کے چلی گئیں تو میں اندر آ کر بڑی آرام دہ کرسی پر بیٹھ گیا میں بستر اور آرام دہ رضائی میں جانے سے پہلے خط پڑھنا چاہتا تھا کہ ایسی کونسی بات اور راز ہے جو دونوں عورتیں لوگوں کے سامنے نہیں کر سکیں اور رات کے اندھیرے میں میرے گھر خط دینے آئی ہیں میں نے کاغذ کو کھولا اُس پر لکھا تھا محترم بابا جی اسلام وعلیکم تکلیف دردِ کرب کے پل صراط سے گزر کر آپ کو یہ خط لکھ رہی ہوں امید ہے آپ مجھے معاف کریں گے اور اللہ سے دعا بھی کریں گے کہ وہ ہماری زندگی آسان بنا دے سر ہم صرف پانچ بہنیں ہیں والد صاحب چند سال پہلے وفات پا گئے اب ہم بہنیں ماں کے ساتھ کرائے کے چھوٹے سے مکان میں رہتی ہیں باپ کے مرنے کے بعد مجھ سے چھوٹی بہن جس نے بیوٹی پالر کا کام سیکھا ہوا ہے وہ کماتی ہے ماں دو گھروں میں صفائی کا کام کرتی ہے گھر کا کرایہ اور بل دینے کے بعد کھانے کو پیسے نہیں ہوتے محلے دار یتیم سمجھ کر تھوڑی بہت مدد کر دیتے ہیں اسی دوران کسی نے بتایا محلے میں ہی ملک صاحب غریبوں کی مدد کرتے ہیں راشن دیتے ہیں تو میں اور والدہ صاحب ملک صاحب کے ڈیرے پر راشن لینے گئیں تو ملک صاحب نے ہمیں بھی راشن دے دیا چھ ماہ گزر گئے ہم ہر مہینے جا کر راشن لے آتے چھ ماہ بعد ایک دن ملک صاحب ہمارے گھر آ گئے اور ماں سے کہا میں آپ کی اور مدد کرنا چاہتا ہوں اب آپ گھر آ کر راشن اور پیسے دیا کروں گا لہذا اب ملک صاحب ہمارے گھر آنا جانا شروع ہو گئے مجھے موبائل لے کر دیا کہ آپ مجھ سے بات کر لیا کرو ہم ملک صاحب کو مسیحا سمجھ کر عزت کرتے تھے اِسی دوران ملک صاحب نے باتوں باتوں میں میرے قریب آنے کی کوشش کی پہلے تو میں بہت پریشان ہوئی لیکن پھر ملک صاحب کی ناراضگی کہ وہ راشن اور مدد بند کر دیں میں نے ملک صاحب سے دوستی کر لی ملک صاحب نے مُجھ سے شادی کا وعدہ کیا اور بغیر شادی کے ہی میرے ساتھ ملنے لگے میں ملک صاحب کی شادی کے وعدے پر ان کی بات مانتی گئی ایک سال بعد ملک صاحب کا دل مجھ سے بھر گیا تو میری چھوٹی بہن پر نظر رکھ لی میں نے غصہ کیا چھوٹی بہن نے بھی انکار کیا تو ملک صاحب کے راشن اور مدد بند کر دی میں نے ملک صاحب کو منانے کی بہت کوشش کی لیکن وہ ضد پر قائم کر چھوٹی بہن سے دوستی کراؤ چھوٹی بہن کسی کو پسند کرتی اُس نے انکار کر دیا اب ملک صاحب نہ مانے تو میں نے جسم فروشی شروع کر دی رات کو برقعہ پہن کر سڑک کنارے کھڑی ہو جاتی ہوں کوئی خریدار لے جاتا ہے اِس طرح زندگی چل رہی ہے دعا کریں اللہ ہمارے لیے نیک وسیلہ بنا دے بیٹی کا خط پڑھ کر میرے ٹھنڈے جسم میں چنگاریاں سی پھوٹ رہی تھی کہ اِس ٹھنڈی رات میں بنت حوا کی کتنی بیٹیاں خود کو رات کے اندھیرے میں اپنے خاندان کو بچانے کے لیے بیچنے کے لیے کھڑی ہیں کہ مجھے خرید لو پیسے دے دو اللہ کب نیک حکمران دے گا۔

ڈی جی آئی ایس پی آر، نوجوان اور پروپیگنڈا



لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری، ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) غلط معلومات اور پروپیگنڈے کے خطرات کے بارے میں خاص طور پر آواز اٹھاتے رہے ہیں۔ انہوں نے بار بار نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ اس کا شکار ہونے سے گریز کریں۔ اس مسئلے کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے وہ نوجوانوں کو مثبتیت پر توجہ مرکوز کرنے اور منفی اثرات سے باز رہنے کی ترغیب دینے کے لیے پرعزم ہیں۔ حال ہی میں یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) کے دورے کے دوران انہوں نے سینئر انٹامیہ سے ملاقات کی اور یونیورسٹی کی تعلیمی کوششوں کی تعریف کی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے یو ایم ٹی کے طلباء ، اساتذہ اور عملے کے ساتھ ایک انٹرایکٹیو سیشن بھی کیا جہاں انہوں نے ملک کی خودمختاری کے تحفظ اور اس کی ترقی کو فروغ دینے میں پاک فوج کے اہم کردار پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاک فوج قومی سرحدوں کے دفاع کے لیے ہمیشہ تیار ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔ اپنے خطاب میں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے طلبا پر زور دیا کہ وہ منفی پروپیگنڈے سے گریز کریں، اپنی حقیقی شناخت کو اپنائیں اور پاکستان کی ترقی میں مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ پاک فوج کا بنیادی مشن پاکستان کا دفاع اور سلامتی ہے جو ایک ایسا عزم ہے جس سے کسی حال میں بھی پیچھے نہیں ہٹا جائے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ "ہم غیر متزلزل عزم کے ساتھ ریاست مخالف عناصر کا مقابلہ کریں گے اور اپنی مقدس سرزمین کے تئیں کسی بھی دشمنانہ ارادوں کا بھرپور جواب دیں گے"۔ سوال و جواب کے سیشن کے دوران طلباء نے مختلف قسم کے سوالات اٹھائے اور لیفٹیننٹ جنرل چودھری نے ان کے بصیرت انگیز اور حقائق پر مبنی جوابات دیئے۔ طلباء نے پاک فوج کی کوششوں کو سراہا اور نوجوانوں اور فوج کے درمیان فرق کو ختم کرنے کے لیے اس طرح کے مزید سیشنز کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے انہیں غلط فہمیوں کو دور کرنے کی جانب اہم اقدام قرار دیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھرپور یقین دلایا کہ ملک کی حفاظت کے لیے پاکستانی فوج کے ساتھ کھڑے ہونے میں پاکستانی نوجوانوں، خاص طور پر طلباء کی غیر متزلزل حمایت کے بارے میں کوئی شک نہیں ہونا چاہیے۔ یہ تعاون قوم کے روشن مستقبل کو محفوظ بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی نوجوانوں کے ساتھ وابستگی کا مثبت اثر پڑا ہے اور غلط معلومات میں نمایاں کمی آئی ہے۔ ان کی متحرک قیادت میں آئی ایس پی آر نے اس چیلنج سے مؤثر طریقے سے نمٹا ہے۔ بلاشبہ آج کی باہم مربوط دنیا میں سوشل میڈیا مواصلات، معلومات کے اشتراک اور رائے عامہ کو متاثر کرنے کا ایک غالب پلیٹ فارم بن گیا ہے۔ اگرچہ سوشل میڈیا بہت سے فوائد پیش کرتا ہے، لیکن یہ خاص طور پر غلط معلومات اور پروپیگنڈے کے حوالے سے اہم چیلنجز بھی پیش کرتا ہے۔ بہت سی قوموں کی طرح، پاکستان کو بھی منفی پروپیگنڈے کے مضر اثرات کا سامنا ہے، خاص طور پر اس کا مقصد پاکستانی فوج ہے۔ یہ مہمات، جو اکثر بیرونی اداکاروں یا دشمن قوتوں کے ذریعے چلائی جاتی ہیں، ملک کی ساکھ، قومی سلامتی اور اتحاد کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ اس کے جواب میں پاکستانی حکومت اور پاک فوج نے پروپیگنڈے کا مقابلہ کرنے، قومی سلامتی کو تقویت دینے اور مسلح افواج کی ساکھ کے تحفظ کے لیے فعال اقدامات کیے ہیں۔ پاک فوج کا تعلقات عامہ کا ونگ، انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) غلط معلومات سے نمٹنے کی ان کوششوں میں سب سے آگے رہا ہے۔ سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے اثرات اور غلط معلومات کے تیزی سے پھیلاؤ کو تسلیم کرتے ہوئے آئی ایس پی آر نے اپنی آن لائن موجودگی کو مؤثر طریقے سے سنبھالنے کے لیے ڈیجیٹل میڈیا ونگ (ڈی ایم ڈبلیو) تشکیل دیا۔ ڈی ایم ڈبلیو کا بنیادی مقصد جھوٹے بیانیے اور منفی پروپیگنڈے کا مقابلہ کرتے ہوئے پاکستانی فوج کے بارے میں مثبت بیانیے کو فروغ دینا ہے۔ ڈی ایم ڈبلیو عوام کے ساتھ مشغول ہونے اور درست معلومات فراہم کرنے کے لیے فیس بک، ایکس، یوٹیوب اور انسٹاگرام سمیت مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر کام کرتا ہے۔ ڈی ایم ڈبلیو کے ذریعے پاک فوج حقیقی وقت میں بتک آمیز مواد اور پروپیگنڈے کو تیزی سے اور مؤثر طریقے سے حل کرنے میں کامیاب رہی ہے۔ تصدیق شدہ حقائق کے ساتھ جھوٹے دعووں کا مقابلہ کر کے ڈی ایم ڈبلیو عوامی تاثر کو تشکیل دینے اور فوج کے امیج کی حفاظت میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ملکی اور بین الاقوامی سامعین کو شامل کرنے کے آلے کے طور پر سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کو تسلیم کرتے ہوئے پاک فوج نے ایکس، فیس بک اور انسٹاگرام جیسے پلیٹ فارمز پر اپنی موجودگی کو مضبوط کرنے کے لیے کام کیا ہے۔ جھوٹے بیانیے کا مقابلہ کرنے کے لیے آئی ایس پی آر نے مختلف سوشل میڈیا مہمات شروع کی ہیں جو انسداد دہشت گردی، انسانی امداد اور قومی دفاع جیسے شعبوں میں پاک فوج کی مثبت شراکت کو اجاگر کرتی ہیں۔ یہ مہمات پاکستان کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنانے میں فوج کے کردار پر زور دیتی ہیں۔ پروپیگنڈے کے اثرات کو کم کرنے کے لیے پاکستان نے سوشل میڈیا پر نقصان دہ مواد کے پھیلاؤ سے نمٹنے کے لیے قانونی اور ضابطہ جاتی اقدامات کیے ہیں۔ مضبوط سائبر سیکورٹی قوانین، جیسے کہ 2016 میں متعارف کرایا گیا پریوینشن آف الیکٹرانک کرائمز ایکٹ (پی ای سی اے)، آن لائن ہتک عزت، نفرت انگیز تقاریر اور غلط معلومات کے پھیلاؤ کو جرم قرار دیتا ہے۔ ان قوانین کے ذریعے حکومت پروپیگنڈا پھیلانے کے ذمہ دار افراد یا گروہوں کے خلاف قانونی کارروائی کر سکتی ہے۔ پاکستان نے فیس بک، ایکس اور یوٹیوب جیسے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ساتھ بھی تعاون کیا ہے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ جعلی خبروں اور نفرت انگیز تقاریر کو سامنے لایا اور ہٹایا جائے۔ سوشل میڈیا کمپنیوں کو مقامی قوانین کی تعمیل کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے اور پاکستان کی وفاقی تفتیشی ایجنسی (ایف آئی اے) کو خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ سوشل میڈیا کے پروپیگنڈے کا مقابلہ کرنے کے علاوہ پاکستان نے اپنے سائبر سیکیورٹی کے بنیادی ڈھانچے کو بڑھانے پر بھی توجہ دی ہے۔ فوج نے دیگر سرکاری ایجنسیوں کے ساتھ مل کر سائبر ڈیفنس یونٹ قائم کیے ہیں جو اہم معلومات اور نظام کو بدنیتی پر مبنی حملوں سے بچانے کے لیے ذمہ دار ہیں۔ اثر و رسوخ رکھنے والی اور عوامی شخصیات سوشل میڈیا کے سامعین پر نمایاں اثر و رسوخ رکھتی ہیں اور رائے کو تشکیل دینے کی ان کی صلاحیت انہیں پروپیگنڈے کا مقابلہ کرنے کی پاکستان کی حکمت عملی کا ایک اہم جزو بناتی ہے۔ پاکستانی فوج اور حکومت نے ملک اور اس کی فوج کے بارے میں مثبت بیانیے کو فروغ دینے کے لیے مشہور شخصیات، اثر و رسوخ رکھنے والوں اور ممتاز عوامی شخصیات کے ساتھ تعاون کیا ہے۔ یہ بااثر افراد اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا استعمال فوج کی قربانیوں، قومی سلامتی کو یقینی بنانے میں اس کے کردار اور انسانی کوششوں میں اس کی شراکت کے بارے میں سٹوریز شیئر کرنے کے لیے کرتے ہیں۔ فوج نے ملک پر فوج کے مثبت اثرات کو اجاگر کرنے والی ویڈیوز، پوسٹس اور مضامین تیار کرنے کے لیے مقبول ڈیجیٹل تخلیق کاروں اور مواد تیار کرنے والوں کے ساتھ بھی شراکت داری کی ہے۔ یہ تعاون سچائی کو بڑھانے اور منفی وقیانوسی تصورات اور جھوٹے بیانیے کو چیلنج کرنے میں مدد کرتا ہے۔ ایک متحد قوم کو تفرقہ انگیز پروپیگنڈے کا کم خطرہ ہوتا ہے۔ بیرونی پروپیگنڈے کا مقابلہ کرنے کے علاوہ پاکستان نے ملک کی سلامت کے تحفظ کے لیے قومی اتحاد کو فروغ دینے پر بھی توجہ دی ہے۔ قوم کے اجتماعی جذبے کو مضبوط بنانے اور اتحاد، فخر اور حب الوطنی کو فروغ دینے کے لیے قومی مہمات شروع کی گئی ہیں۔ یہ مہمات نسلی، علاقائی اور ثقافتی خطوط پر پاکستانیوں کو متحد کرنے کی کوشش کرتی ہیں جس سے وہ تفرقہ انگیز پروپیگنڈے کے لیے زیادہ لچکدار بن جاتے ہیں۔ پاکستان کی آبادی کے تنوع اور ملک کی ترقی میں تمام شہریوں کے کردار کو اجاگر کر کے یہ مہمات مشترکہ ذمہ داری اور غیر ملکی مداخلت اور اندرونی غلط معلومات کے خلاف مزاحمت کے احساس کو فروغ دیتی ہیں۔ سوشل میڈیا کی نگرانی اور کنٹرول کے لیے فائر والز کو مکمل طور پر نافذ کرنے اور اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے سخت اقدامات کے لیے عوام کی طرف سے بڑے پیمانے پر مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا، سائبر سیکیورٹی، قانونی نفاذ اور قومی اتحاد میں کوششوں کو مربوط کر کے پاکستانی حکومت اور فوج غلط معلومات اور پروپیگنڈے سے پیدا ہونے والے خطرات سے نمٹنے کے لیے اہم اقدامات کر رہے ہیں۔ ان اقدامات کے ذریعے پاکستان کا مقصد اپنی خودمختاری کا تحفظ کرنا، عوام کا اعتماد برقرار رکھنا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ قومی اور بین الاقوامی سلامتی میں اس کی مثبت شراکت کو درست طریقے سے پیش کیا جائے۔ پوری قوم ان کوششوں کے پیچھے کھڑی ہے اور ملک کو کمزور یا غیر مستحکم کرنے کے مقصد سے کیے گئے ہر قسم کے پروپیگنڈے اور غلط معلومات کو مسترد کرتی ہے۔

بیرون ملک گداگروں کے ڈیرے!

گداگری انتہائی برا عمل ہے اور اس کو اسلام میں بہت برا تصور کیا گیا ہے، اس لیے اہل تقویٰ کے نزدیک کسبِ حلال سے دنیا میں عزت اور آخرت میں نجات ملتی ہے، اللہ تعالیٰ کی ذات پاک ہر اس شخص کو اپنا دوست کہتی ہے، جو کہ اپنے ہاتھوں سے حلال رزق کماتا ہے، لیکن آجکل بھیک مانگنے کی لعنت ہمارے معاشرے میں ایک ایسا ناسور بن چکی ہے کہ اس کا دائرا اندرون ملک سے بیرون ملک تک جا پہنچا ہے، اس حوالے سے گزشتہ چند برسوں میں ایسی دل خراش خبروں کا تسلسل جاری ہے کہ کس طرح سے عرب ممالک میں پاکستانی شہریوں کو گداگری کے الزام میں گرفتار اور ڈی پورٹ کیا جا رہا ہے، جو کہ جگ ہنسائی کا باعث بن رہا ہے۔ یہ پاکستان، اسلام کے نام پر حاصل کی گئی، ایک اسلامی سلطنت کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا، یہ ایٹمی طاقت بنا، تو دنیا کی پہلی اسلامی ایٹمی قوت کے اعزاز سے بھی جانا جانے لگا، اس کے بعد جانے کس کی نظر لگ گئی کہ اس پر پہلے دہشت گرد مُلک کا لیبل چسپاں کیا گیا اور اب گداگر کہا جا رہا ہے، یہ تاثر پھیلانے میں سب سے اہم کردار خُود پاکستانی حکمرانوں نے اپنے غیر محتاط بیانات سے ادا کیا ہے، کہ جنہوں نے کشکول ہاتھ میں لے کر دوست اور امیر ممالک کے دروازوں پر دستک دیتے ہوئے اپنی غربت اور مجبوریوں کا ایسا رونا رویا کہ پوری دنیا کے میڈیا کا ہی موضوع بن گیا اور رہی سہی کسر عرب ممالک پاکستانیوں کو گداگری پر دی پورٹ کر کے پوری کر رہے ہیں۔ اس میں عرب ممالک نہیں، پاکستانی ہی قصوار ہیں، جو



کہ حج وعمرے کا ویزہ لے کر جیب تراشی اور گداگری کر رہے ہیں، عرب ممالک سے کافی عرسے سے شکایات موصول ہو رہی تھیں کہ ن کی جیلیں پیشہ ور پاکستانی بھکاریوں سے بھری ہوئی ہیں، انہیں آنے سے روکا جائے، ان شکایت کی تصدیق سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے سمندر پار کے اجلاس میں بھی ہوئی، اس اجلاس میں شریک وزارت اور سینز پاکستانی کے سیکریٹری نے اعلی حکام کے سامنے انکشاف کیا کہ مسجد الحرام اور مسجد نبوی کی حدود سے جو دوسو پاکستانی گداگری کرتے، جیب کاٹتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑے گئے، ان میں نوے خواتین بھی شامل ہیں، یہ لوگ عمرہ ویزہ پر گئے اور وہاں جا کر جیب تراشی اور بھیک مانگ رہے تھے، اس کو بھارتی میڈیا نے خوب مرچ مسالہ لگا کر پیش کرتا رہا اور پاکستان کو بھکاری برآمد کرنے والا سب سے برا ملک قرار دیتا رہا ہے۔ پاکستان مخالف تو موقع کی تلاش میں ہی رہتے ہیں اور انہیں جب بھی موقع ملتا ہے، اس کا بھرپور فائدہ اُٹھاتے ہیں، لیکن پاکستانی حکمران اور ادارے کیا کر رہے ہیں؟ یہ جب پانی سر سے گزر جاتا ہے تو ہوش میں آتے ہیں اور اظہار ندمت کے ساتھ نمائشی اعلانات واقدامات کرنے لگتے ہیں، اس معاملے پر بھی ایسا ہی کچھ کیا جا رہا ہے، حکومت نے عرب ممالک میں قید پاکستانیوں کے پاسپورٹ بلاک کر نے اور ایگزٹ کنٹرول لسٹ میں نام ڈالنے کا اعلان تو کر دیا، لیکن اس کی روک تھام کا کوئی پراپر بند وبست نہیں کیا ہے، اس کے باعث پیشہ ور لوگ تسلسل سے بیرون ملک جا رہے ہیں اور اپنے ڈیرے بنا رہے ہیں، اس کے باعث متحدہ عرب امارات کے بیورو آف امیگریشن نے ایک نئی شرط عائد کر دی ہے کہ ہنر مند پاکستانیوں کو بھی ملازمت اور ویزے کیلئے پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ جمع کرانا ہوگا۔ اس وقت یو اے ای میں پندرہ لاکھ اور سعودی عرب میں چھبیس لاکھ سے زائد پاکستانی محنت کش مقیم ہیں، یہ پاکستانی سعودی عرب سے سات اشاریہ چار عرب ڈالر اور یو اے ای سے پانچ عشاریہ پانچ عرب ڈالر سلا نہ تر سیلات زر ممکن بناتے ہیں، ایسے میں جب یو اے ای میں بڑے پیمانے پر تعمیراتی کام جاری ہے اور دنیا بھر کی افرادی قوت وہاں کا رخ کر رہی ہے، پاکستانیوں کیلئے امارتی ویزے کا حصول مشکل ترین بنانا نہایت افسوس ناک ہے، اس موقع پر حکومت پاکستان کی کوشش ہونی چاہئے تھی کہ معاملات بہتر بناتی اور پابندیوں میں بہتری لاتی، مگر اس کے بر عکس حکومت کی سخت پابندیوں کے باوجود کچھ پاکستانی اپنی فیملی سمیت عمرہ ویزے کی آڑ میں گداگری کی غرض سے سعودی عرب اور یو اے ای جانے کی کوشش میں ملک کے مختلف ائر پورٹ پر پکڑے جا رہے ہیں اور کچھ وہاں جا کر اپنے ڈیرے آباد کیے جا رہے ہیں۔ یہ سب کچھ ایسے ہی کب تک چلتا رہے گا اور کب تک ایسے ہی ملک کی جگ ہنسائی ہوتی رہے گی، اس کے خلاف سخت اقدامات کرنا ہوں گے اور اپنے رویئے بھی بدلنا ہوں گے، حکمران کشکول توڑیں گے تو ہی عوام بھی گداگری سے باہر نکلیں گے، اگر اوپر ہی گداگری ہوگی تو نچلی سطح پر کیسے گداگری روکی جا سکے گی، حکومت کو جہاں اندرون ملک اور بیرون ملک گداگری کے ڈیروں کو مکمل مسمار کرنا ہے، وہیں اپنا کشکول بھی توڑنا ہے، اس کشکول کے ساتھ چلا جا سکے گا نہ خود انحصاری کے بغیر آگے بڑھا جا سکے گا نہ ہی گداگری کا کبھی مکمل خاتمہ کیا جا سکے گا۔

معجزہ معراج النبیؐ

خاتم النبین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس جامع المعجزات ہے، پہلے انبیاء علیہم السلام کو جو معجزے عطاء کئے گئے وہ سب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود مبارک میں جمع ہوئے۔ معجزہ قدرت الٰہی کا کرشمہ ہوتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے کئی جمادات نباتات اور حیوانات سے متعلق ہیں، کنکریاں آپ کے ہاتھ میں تسبیح کرتیں، شجر و حجر آپ پر سلام بھیجتے اور سجدہ کرتے، ہرنیاں آپ کو ضامن تسلیم کرتیں، اونٹ آپ سے افسانہ غم بیان کرتے، احادیث و سیرت مبارکہ کی کتب میں ایسے متعدد خوش نصیب درختوں کا ذکر بھی ملتا ہے جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و تکریم کی اور مقام نبوت کو پہچانا۔ کئی درخت آپ کی پکار پر زمین کو چیرتے ہوئے دربار رسالت میں حاضر ہوئے اور اقرار نبوت کی سعادت حاصل کی۔ تمام انبیاء علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے عملی معجزات عطاء فرمائے، لیکن سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو ہزاروں کی تعداد میں عملی معجزوں کے ساتھ ساتھ ہمیشہ زندہ اور باقی رہنے والا علمی معجزہ قرآن پاک بھی عطاء فرمایا۔ جبکہ سفر معراج نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ کا نہایت عظیم الشان واقعہ اور محیر العقول معجزہ ہے۔ معراج کے لغوی معنی انتہائی عروج کے ہیں، دنیا میں جتنے انبیاء تشریف لائے ان کی شان اور مرتبے کے مطابق ان کی معراج ہوئی۔ کسی کو





SHOWBIZ

فیروز خان کو اسٹار میں نے بنایا، یاسر نواز کے دعوی نے ہلچل مچادی

پاکستانی ہدایتکار یاسر نواز ڈرامہ ''چپ رہو'' اور فلموں ''رونگ نمبر'' اور ''رونگ نمبر 2'' کیلئے مشہور ہیں

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی ہدایتکار یاسر نواز، جو ڈرامہ 'چپ رہو 'اور فلموں 'رونگ نمبر 'اور 'رونگ نمبر 2 'کے لیے مشہور ہیں، نے حالیہ دنوں میں فیروز خان کے بارے میں اپنے بیان سے ہلچل مچادی ہے۔ یاسر نواز نے اداکارہ اشنا شاہ کے ٹاک شو 'آفٹر آورز 'میں گفتگو کرتے ہوئے کہا، "میں نے فیروز خان کے کیریئر کا آغاز کیا۔ "انہوں نے بتایا کہ 2014 کے ڈرامہ 'چپ رہو 'میں بجل علی کے ساتھ فیروز خان کو کاسٹ کرنا ان کا فیصلہ تھا، جب فیروز صرف ایک وی جے کے طور پر کام کررہے تھے۔ یاسر نے مزید کہا، "میں نے فیروز خان کو ایک اسٹار دنیا کو دیا۔ "ان کے مطابق، فیروز خان کی اداکاری کا کوئی تجربہ نہیں تھا، لیکن انہوں نے ان میں ٹیلنٹ دیکھ کر یہ رسک لیا۔ یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ یاسر نواز نے کسی اداکار پر کھل کر تنقید کی ہو۔ 2021 میں انہوں نے ٹک ٹاک اسٹار سے اداکارہ بننے والی علیزے شاہ کے ساتھ کام کرنے کو ایک چیلنج قرار دیا تھا۔ اس پر فیروز خان نے علیزے شاہ کا دفاع کرتے ہوئے کہا تھا، "سینئر اداکاروں کو نئے آنے والوں کی بے عزتی نہیں کرنی چاہیے۔" یاسر نواز کے حالیہ دعوے نے مداحوں اور انڈسٹری کے لوگوں کے درمیان بحث چھیڑ دی ہے۔ کیا واقعی فیروز خان کی کامیابی کا کریڈٹ یاسر نواز کو جانا چاہیے، یا یہ فیروز کی محنت اور ٹیلنٹ کا نتیجہ ہے۔





امارتی بزنس ٹائیکون سے بڑھتی قربتیں، کیا ثانیہ مرزا نے نیا ساتھی چن لیا؟

ثانیہ مرزا اور متحدہ عرب امارات کے بزنس ٹائیکون کے درمیان تعلقات کے حوالے سے افواہیں گردش کررہی ہیں

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شعیب ملک کی سابق اہلیہ بھارتی ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا ایک بار پھر توجہ کا مرکز بن گئی ہیں۔ بھارتی ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا اور متحدہ عرب امارات کے بزنس ٹائیکون عدیل ساجن کے درمیان ممکنہ تعلقات کے حوالے سے افواہیں گردش کررہی ہیں۔ عدیل ساجن ایک مشہور ارب پتی بزنس مین ہیں، جو دبئی میں ثانیہ کے ولا کو ڈیزائن کر رہے ہیں۔ یہ افواہیں زوروں پر ہیں کہ ان دونوں کے درمیان پیشہ ورانہ تعلقات کے علاوہ بھی کچھ اور ہوسکتا ہے۔ ہندوستانی بزنس ٹائیکون رضوان ساجن کے بیٹے عدیل ساجن متحدہ عرب امارات میں ایک نجی گروپ کے مینجنگ ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اور انھیں اپنے پرتعیش طرز زندگی کے حوالے سے جانا جاتا ہے۔ عدیل ساجن کی مجموعی دولت کی مالیت 1.3 بلین ڈالر ہے۔ جبکہ ان کا گروپ پراپرٹی کے کاروبار سے منسلک ہے اور ٹینس ٹورنامنٹس اور فلم فیئر ایوارڈز کو بھی اسپانسر کرتا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ثانیہ مرزا اس وقت اپنے بیٹے اذہان مرزا ملک کے ساتھ دبئی میں مقیم ہیں۔ ثانیہ مرزا اور عدیل ساجن نے ان افواہوں کے جواب میں فی الحال خاموشی اختیار کی ہوئی ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل شعیب ملک سے علیحدگی کے بعد یہ قیاس آرائیاں کی جارہی تھیں کہ ثانیہ مرزا کے بھارتی کرکٹر محمد شامی کے ساتھ تعلقات ہیں، تاہم بعد میں ان افواہوں کی تردید کردی گئی تھی۔





وہ گھر کامیاب رہتے ہیں جہاں آخری فیصلہ مرد کرتا ہے، صبا فیصل



کراچی (کلچرل ڈیسک) سینئر اداکارہ صبا فیصل نے حالیہ پوڈکاسٹ میں شوہر کے فیصلے کو کامیاب گھر کی بنیاد قرار دیا۔ احمد علی بٹ کے پوڈکاسٹ میں شرکت کے دوران انہوں نے میاں بیوی کے تعلقات اور زندگی کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی۔ صبا فیصل نے اپنی والدہ کا مشورہ شیئر کرتے ہوئے کہا، "میری امی نے مجھے کہا تھا کہ شوہر سے ایک قدم پیچھے رہنا تاکہ ضرورت پڑنے پر سر اٹھا تو شوہر کا سہارا نظر آئے، نہ کہ کھلا آسمان۔ "انہوں نے مزید کہا کہ ایک حد تک میاں بیوی برابر ہیں، لیکن اللہ نے شوہر کو خاص مقام دیا ہے۔ ان کے مطابق، "وہ گھر زیادہ کامیاب ہوتے ہیں جہاں آخری فیصلہ مرد کرتا ہے، کیونکہ عورت جذباتی ہوتی ہے اور مستقل مزاجی سے فیصلے نہیں کرسکتی۔" صبا فیصل نے بیویوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے شوہروں کو وہ مقام اور عزت دیں جس کے وہ مستحق ہیں۔ ان کی باتوں پر سوشل میڈیا پر تبصرے اور بحث جاری ہے، جہاں کچھ ان کی رائے سے متفق ہیں اور کچھ نے اختلاف کیا ہے۔

راکھی ساونت کے ڈانس چیلنج پر ہانیہ عامر کا شرارتی جواب، ویڈیو وائرل

راکھی ساونت نے پاکستانی اداکاراؤں ہانیہ عامر، دیدار اور نرگس کو ڈانس مقابلے کی دعوت دی تھی

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستان کی ہردلعزیز اداکارہ ہانیہ عامر نے بھارتی اداکارہ راکھی ساونت کے ڈانس چیلنج کا نہایت نٹ کھٹ انداز میں شرارتی جواب دیا ہے، جس کی ویڈیو وائرل ہورہی ہے۔ بھارتی ریئلٹی اسٹار اور اداکارہ راکھی ساونت نے ایک انٹرویو میں پاکستانی اداکاراں ہانیہ عامر، دیدار اور نرگس کو ڈانس مقابلے کی دعوت دی تھی۔ راکھی ساونت کے چیلنج کے جواب میں ہانیہ عامر نے اپنے انسٹاگرام اکانٹ پر بہت پیارا اور نٹ کھٹ سا شرارتی جواب دیا ہے۔ ہانیہ عامر نے ویڈیو اینڈ فوٹوشیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ایک ریل پوسٹ کی ہے، جس میں وہ راکھی ساونت کے اس چیلنج کی آواز پر ویڈیو بنارہی ہیں۔ ہانیہ نے ویڈیو کے کیپشن میں لکھا کہ راکھی جی آپ ایک آئیکون ہیں۔ مداحوں کی جانب سے ہانیہ عامر کے اس شرارتی انداز کو خوب سراہا جارہا ہے اور کمنٹ سیکشن میں کئی دلچسپ تبصرے نظر آرہے ہیں۔



مہارانی یسوبائی کے کردار میں رشمیا مندانا کا نیا روپ، مداح پرجوش



ممبئی (شوبز ڈیسک) وکی کوشل کے مداح انہیں تاریخی ڈرامہ فلم "چھاوا" میں چھترپتی سنبھاجی کے روپ میں دیکھنے کے لیے بے حد پرجوش ہیں۔ تاہم، فلم میں رشمیا مندانا کے مہارانی یسوبائی کے کردار کا پہلا روپ سامنے آتے ہی شائقین کی بے چینی ختم ہوگئی۔ میکرز نے ٹریلر ریلیز سے ایک دن قبل رشمیا کا پہلا لک جاری کیا۔ پوسٹر میں رشمیا مندانا مہاراشٹری ساڑھی، روایتی زیورات اور نتھ کے ساتھ شاندار نظر آرہی ہیں۔ سوشل میڈیا پر فینز نے رشمیا کے لک کو دل اور فائر ایموجیز کے ساتھ سراہا۔ کچھ نے تبصرہ کیا، "زبردست لک"، "رشمیا جی کا احترام"، "رشمیا کے لیے ایک اور بلاک بسٹر"۔ یہ فلم شیواجی ساونت کے مشہور مراٹھی ناول "چھاوا" پر مبنی ہے، جو بہادری اور جرات کی ایک سچی کہانی پیش کرتی ہے۔ فلم میں اکشے کھنہ، اوتنگزیب کے کردار میں نظر آئیں گے، جبکہ موسیقی آسکر یافتہ موسیقار اے آر رحمان نے دی ہے۔ تاریخی جنگی مناظر سے بھرپور یہ فلم 14 فروری کو سینما گھروں میں ریلیز کی جائے گی۔

بھارتی ٹیم کی جرسی پر ''پاکستان'' لکھا جائیگا، آئی سی سی کا دوٹوک موقف

چیمپئنز ٹرافی میں شریک تمام ٹیمیں اپنی جرسیوں پر ٹورنامنٹ کے لوگو کیساتھ میزبان ملک کا نام لکھنے کی پابند ہیں

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کیلئے کٹ استعمال ہونیوالے لوگو سے میزبان ملک کا نام ہٹانے کی بھارتی درخواست پر اپنا موقف پیش کردیا۔ آئی سی سی ذرائع نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی میں شریک تمام ٹیمیں اپنی جرسیوں پر ٹورنامنٹ کے لوگو کیساتھ میزبان ملک کا نام لکھنے کی پابند ہیں۔ بیان میں انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے سخت موقف اپناتے ہوئے کہا ہے کہ کوئی بھی ٹیم اپنی جرسیوں پر لوگو آویزاں کرنے میں ناکام رہی تو سخت کارروائی کی جائے گی۔ آئی سی سی کی جانب سے ان رپورٹس کے بعد وضاحت جاری کی گئی ہے جس میں کہا گیا تھا کہ بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے چیمپئنز ٹرافی کیلئے مبینہ طور پر ٹیم کی جرسی پر 'پاکستان) 'میزبان ملک کا نام (چھاپنے پر اعتراض اٹھایا ہے۔ رپورٹس میں کہا گیا تھا کہ بی سی سی آئی نے آئندہ چیمپئنز ٹرافی کیلئے ٹیم انڈیا کی جرسی پر پاکستان کا نام درج نہیں کرے گی۔ دوسری جانب پاکستان کرکٹ بورڈ کے ذرائع نے بھی ان دعوں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا ہے جبکہ اس بات کی تصدیق کی کہ بورڈ کے کسی عہدیدار نے اس معاملے پر کسی بھارتی خبر رساں ایجنسی سے بات نہیں کی۔ واضح رہے کہ بھارتی کرکٹ بورڈ نے سکیورٹی کا بہانہ بنا کر پہلے پاکستان آکر کھیلنے سے انکار کیا اور پھر چیمپئنز ٹرافی کو انٹرنیشنل کرکٹ کونسل) آئی سی سی (کے کہنے پر ہائبرڈ ماڈل پر منتقل کردیا گیا تھا جبکہ اس صورت میں پاکستان نے بھی مطالبہ کیا کہ اگر بھارتی ٹیم نہیں آتی تو آئندہ ہونیوالے ایونٹس کیلئے بھی یہی ماڈل کو لاگو ہوگا۔



فٹنس پر تنقید کیوں کی؟ سابق ویمنز کرکٹر کو انٹرویو دینے سے انکار

انگلش ویمنز کرکٹرز پر تنقید کے بعد کئی کرکٹرز نے ایلکس ہارٹلی بات کرنے سے انکار کردیا تھا

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) انگلینڈ کو ورلڈ کپ جتوانے والی اسپنر اور موجودہ براڈ کاسٹر ایلکس ہارٹلی نے انکشاف کیا کہ ہے کہ ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ میں کھلاڑیوں کی فٹنس پر تنقید کرنے کے بعد ویمنز ٹیم کی کچھ کھلاڑیوں نے انہیں انٹرویو دینے سے انکار کردیا۔ انگلینڈ کی ویمنز ٹیم کو ٹی 20 ورلڈ کپ میں ویسٹ انڈیز کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا جس کے بعد انکی فٹنس پر سوالیہ نشان اٹھایا گیا تھا، انگلش ٹیم ٹورنامنٹ کے پہلے مرحلے سے باہر ہوگئی تھی۔ انگلش ویمنز کرکٹرز پر تنقید کے بعد کئی کرکٹرز نے ایکس ہارٹلی بات کرنے سے انکار کردیا تھا۔ بی بی سی کے ٹی ایم ایس پوڈکاسٹ ایکس ہارٹلی نے انکشاف کیا کہ وہ سوفی ایکلسٹون کا انٹرویو لینا چاہتی ہیں لیکن انگلینڈ کے بائیں ہاتھ کی اسپنر نے ان کی درخواست کو "منافقت " کہہ کر رد کردیا۔ انہوں نے دعوی کیا کہ انگلینڈ کی دیگر ویمن کرکٹرز نے بھی فٹنس پر تنقید کے بعد بات کرنے سے انکار کردیا، حالانکہ ہم صرف اتنا چاہتے تھے کہ ہماری ٹیم ٹورنامنٹ اور مقابلے جیتنے کیلئے لڑتی ہوئی دیکھائی دے۔ واضح رہے کہ ایکس ہارٹلی پاکستان سپر لیگ) پی ایس ایل (کے نویں ایڈیشن میں ملتان سلطانز کیلئے کوچنگ کے فرائض نبھا چکی ہیں۔



نیرج چوپڑا کی دلہن کون؟ منو بھاکر کیساتھ شادی کی افواہیں دم توڑ گئیں

2 بار کے اولمپکس میڈلسٹ نے شادی کی تصویر ڈال کر کے مداحوں کو حیران کردیا

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) بھارت کے جیولن تھرو اسٹیلسٹ اولمپئن نیرج چوپڑا نے اچانک شادی کرکے مداحوں پر بجلی گرادی۔ انسٹاگرام پر 2 بار کے اولمپکس میڈلسٹ نے مداحوں کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے کی خوشخبری شیئر کی، جس نے فینز کو خوشگوار حیرت میں مبتلا کردیا۔ انہوں نے شادی کی تصویر کیساتھ اپنے پیغام میں لکھا کہ 'میں اور ہیمانی زندگی کے نئے باب کا آغاز کررہے ہیں'۔ نیرج چوپڑا کی دلہنیا کا پورا نام ہیمانی مور ہے جو کہ ایک سابق ٹینس پلیئر ہیں، ہیمانی کا تعلق ہریانہ سے ہے جو اب اسپورٹس مینیجر کے طور پر ذمہ داریاں نبھارہی ہیں۔ انہوں نے دہلی کی جامعہ سے پولیٹیکل سائنس اور فزیکل سائنس میں بیچلرز کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے۔ قبل ازیں خبریں سامنے آئیں تھی کہ پیرس اولمپکس کے شوٹنگ مقابلوں میں میڈل جیتنے والی منو بھاکر اور نیرج چوپڑا جلد رشتہ ازدواج میں منسلک ہوجائیں گے۔



آئی پی ایل کیلئے الگ پی ایس ایل کیلئے الگ قانون کیوں؟

انگلش کرکٹر بھڑک اٹھے، قوانین میں تضاد دونوں بورڈز کے باہمی تعلق کو قرار دیا

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) انگلش کرکٹر پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) اور انڈین پریمیر لیگ (آئی پی ایل) کیلئے 2 الگ الگ قوانین پر اپنے بورڈ پر بھڑک اٹھے۔ انگلینڈ کے ورلڈ کپ فاتح ٹیم کے رکن جمز ونس کا کہنا ہے کہ پاکستان سپر لیگ مختصر ٹورنامنٹ ہے، وہاں کھیل کر پلیئرز ڈومیسٹک سے زیادہ محروم نہیں ہوتے جبکہ آئی پی ایل طویل ٹورنامنٹ ہے، وہاں ڈومیسٹک پلیئرز کا جانا نہیں بنتا تھا۔ جمز ونس نے سوال اٹھایا کہ آئی پی ایل کی اجازت کیوں؟ پی ایس ایل کی کیوں نہیں؟ ممکن ہے کہ قوانین میں یہ تضاد بورڈز کے باہمی تعلق کی وجہ سے ہو۔ انگلش کرکٹر کا کہنا تھا کہ پی ایس ایل ڈرافٹ میں مزید انگلش پلیئرز پک ہوتے تو اور پلیئرز بھی اپنا ڈومیسٹک ریڈ بال کنٹریکٹ چھوڑ دیتے لیکن پی ایس ایل ٹیموں نے این اوسی کے خدشے کی وجہ سے اکثر انگلش پلیئرز کو منتخب نہیں کیا۔ جمز ونس کا کہنا تھا کہ ای سی بی کی نئی پالیسی انگلش کرکٹرز کیلئے مددگار ثابت نہیں ہورہی بلکہ مشکلات کا سبب بن رہی ہے۔ خیال رہے کہ انگلش بیٹر جمز ونس نے حال ہی میں پی ایس ایل کی خاطر اپنا ریڈ بال کنٹریکٹ منسوخ کیا ہے۔ جمز ونس نے پی ایس ایل کے لیے انگلش فرسٹ کلاس سیزن کو خیرباد کہہ دیا ہے اور وہ اس سال صرف ہیشائر کی جانب سے وائٹ بال کرکٹ کھیلیں گے۔ جمز ونس کانٹی چیمپئن شپ میں ہیشائر کی قیادت سے بھی دستبردار ہوگئے ہیں۔ واضح رہے کہ انگلش بیٹر جمز ونس پی ایس ایل 10 میں کراچی کنگز کا حصہ ہیں۔



بھارتی کپتان روہت شرما 17 فروری کو پاکستان آئیں گے، بھارتی میڈیا کی تصدیق

لاہور (میاں شہروز سے) چیمپئنز ٹرافی سے قبل کپتانوں کے فوٹو شوٹ کے لیے بھارتی ٹیم کے کپتان روہت شرما کے 17 فروری کو پاکستان آنے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی سی سی چیئرمین جے شاہ بھی پاکستان آسکتے ہیں، پاکستان 17 فروری کو کپتانوں کا فوٹو شوٹ کرانے کا پلان ہے۔ واضح رہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 19 فروری سے کراچی میں شروع ہوگی۔ چیمپئنز ٹرافی میں بھارتی ٹیم اپنا پہلا میچ 20 فروری کو بنگلا دیش کے خلاف دبئی میں کھیلے گی۔ آئی سی سی کے ہر ایونٹ سے قبل میزبان ملک میں افتتاحی تقریب ہوتی ہے، جس میں ٹورنامنٹ میں شریک ہر ٹیم کا کپتان شرکت کرتا ہے۔ کراچی میں چیمپئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب میں بھارتی کپتان کی شرکت پر سوالیہ نشان لگا ہوا تھا جو بھارتی میڈیا نے ختم کردیا ہے۔ اس سے قبل بھارتی میڈیا نے تصدیق کی تھی کہ روہت شرما چیمپئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے لیے پاکستان آئیں گے اور وہ ٹورنامنٹ کے آغاز سے قبل پاکستان کا دورہ کریں گے۔ دفاعی چیمپئن پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان میچ سے ہورہا ہے اور اس سے قبل افتتاحی تقریب منعقد ہوگی۔

نئی ایل ای ڈی لائٹس، قذافی اسٹیڈیم کی خوبصورتی میں اضافہ

اپ گریڈیشن کا عمل جاری ہے' کرکٹ شائقین اب قذافی اسٹیڈیم میں لائٹ شو سے بھی لطف اندوز ہوں گے

لاہور (میاں شہروز سے) لاہور کے قذافی اسٹیڈیم کی اپ گریڈیشن کا عمل جاری ہے۔ کرکٹ شائقین اب قذافی اسٹیڈیم میں لائٹ شو سے بھی لطف اندوز ہوں گے، اس کے لیے ٹیسٹنگ کا کام بھی شروع کردیا گیا ہے۔ قذافی اسٹیڈیم کے فلڈ لائٹس ٹاورز کے ساتھ لائٹ شو کا بھی انتظام کیا گیا ہے جہاں 6 فلڈ لائٹس ٹاورز کی ٹیسٹنگ کا عمل جاری ہے۔ فلڈ لائٹس ٹاورز پر نئی ایل ای ڈی لائٹس لگائی گئی ہیں۔ اس سے قبل آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے سلسلے میں ہونے والی اپ گریڈیشن کے سلسلے میں اسٹیڈیم کے فلڈ لائٹس ٹاورز کو روشن کیا گیا تھا۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور کے 6 فلڈ لائٹس ٹاورز کی لائٹس کو تبدیل کیا گیا ہے، تمام ٹاورز میں جدید ایل ای ڈی لائٹس نصب کی جا چکی ہیں۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025ء کا آغاز 19 فروری سے کراچی میں پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان میچ سے ہوگا۔

جنوبی افریقہ کی ٹیم کی طرف سے دوبارہ کھیل سکتا ہوں، اے بی ڈی ویلیئرز

بچے اس بات پر زور بھی دیتے ہیں کہ مجھے دوبارہ گراؤنڈ میں ایکشن میں آنا چاہیے' تازہ بیان جاری

جوہانسبرگ (این این آئی) دنیائے کرکٹ کے عظیم بلے باز اے بی ڈی ویلیئرز نے ایک بار پھر ایکشن میں نظر آنے کا عندیہ دے دیا ہے۔ 2021 میں کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لینے والے 41 سالہ کھلاڑی ڈی ویلیئرز نے اپنے تازہ بیان میں کہا ہے کہ میں اب بھی ایک روزہ کرکٹ کھیل سکتا ہوں اور میرے بچے اس بات پر زور بھی دیتے ہیں کہ مجھے دوبارہ گراؤنڈ میں ایکشن میں آنا چاہیے۔ جنوبی افریقی اسٹار کا کہنا ہے کہ مجھے احساس ہوتا ہے کہ نیٹ پر جا کر پھر سے پریکٹس شروع کردوں، اگر میں دوبارہ کھیل کر محظوظ ہوا تو پھر آئی پی ایل یا جنوبی افریقہ کی ٹیم کی طرف سے کھیل سکتا ہوں۔ بچے اس بات پر زور بھی دیتے ہیں کہ مجھے دوبارہ گراؤنڈ میں ایکشن میں آنا چاہیے' تازہ بیان جاری

چیمپئنز ٹرافی میں کچھ دن باقی، روہت شرما کے بیٹ کا زنگ نہ اتر سکا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان روہت شرما کے بیٹ کا زنگ ڈومیسٹک کرکٹ میں بھی نہ اتر سکا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق حال ہی میں دورہ آسٹریلیا میں ٹیسٹ سیریز کے دوران انتہائی مایوس کن کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے روہت شرما تنقید کی زد میں تھے تاہم اب ڈومیسٹک کرکٹ میں بھی ان کی کارکردگی بہتر نہ ہو سکی۔ رنجی ٹرافی کے میچ میں روہت شرما صرف 19 گیندوں کا سامنا کر کے 3 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے، وہ 2015ء کے بعد سے پہلی مرتبہ یہ ڈومیسٹک میچ کھیل رہے تھے۔ دوسری جانب چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ اب شروع ہونے میں کچھ ہی دن باقی ہیں اور اس بڑے ایونٹ سے قبل روہت شرما کی بری فارم کو لے کر بھارت میں موجود ان کے مداحوں کو تشویش لاحق ہے۔ ادھر پاکستانی شائقین کرکٹ اس حوالے سے ملے جلے ردعمل کا اظہار کر رہے ہیں۔ خیال رہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025ء کا آغاز 19 فروری سے کراچی میں پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان میچ سے ہوگا۔ بھارت اس ایونٹ کے اپنے میچز نیوٹرل وینیو پر کھیلے گا۔ بھارت کے فائنل میں نہ پہنچنے کی صورت میں ایونٹ کا فائنل لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں ہی کھیلا جائے گا۔

قومی اسنوکر چیمپئن شپ، محمد آصف کی جیت، احسن رمضان اپنا میچ ہار گئے

محمد آصف سمیت دیگر نامور پلیئرز نے اپنے اپنے میچز جیت لیے، ان میچز کے دوران چار سنچری بریک بھی کھیلے گئے

کراچی (این این آئی) کراچی میں جاری قومی اسنوکر چیمپئن شپ کے دوسرے روز سابق عالمی چیمپئن احسن رمضان کو شکست ہوگئی۔ عالمی امپیر چیمپئن محمد آصف سمیت دیگر نامور پلیئرز نے اپنے اپنے میچز جیت لیے، ان میچز کے دوران چار سنچری بریک بھی کھیلے گئے۔ نیشنل بینک اسپورٹس کمپلیکس میں ایونٹ کے دوسرے روز سابق عالمی چیمپئن احسن رمضان کو شاہد شفیق کے ہاتھوں شکست اُٹھانی پڑی۔ شاہد شفیق نے انہیں 4-2 کے فریم اسکور سے مات دی، میچ کے دوران احسن رمضان نے چوتھے فریم میں 115 کا بریک بھی کھیلا۔ عالمی امپیر چیمپئن محمد آصف نے ایم فہیم کو 4-1 سے ہرایا، محمد سجاد نے عمر نعیم کو بھی اسی اسکور سے مات دی۔ اسجد اقبال کو میچ جیتنے کیلئے پورے 7 فریم کھیلنے پڑے، جس میں انہوں نے عبداللہ کو 4-3 کے اسکور سے زیر کیا۔ اس کے علاوہ نسیم اختر، سہیل شہزاد اور بابر مسیح بھی اپنے میچز جیتنے میں کامیاب رہے۔ دوسرے روز میچز کے دوران احسن رمضان کے علاوہ این مارک جون، سہیل شہزاد اور محمد سجاد نے بھی سنچری بریک کھیلے۔



لاہور: جناح پولو فیلڈز کے زیر اہتمام آٹھ گول ٹورنامنٹ میجر جنرل سعید الزماں جنجوعہ میموریل پولو کپ کے تیسرے دن ٹیم بلوچستان اور ڈائمنڈ پینٹس کے درمیان میچ کا منظر

انٹرنیشنل لیگ ٹی ٹوئنٹی میں محمد عامر اور فخر زمان کی شاندار کارکردگی

محمد عامر نے چوبیس رنز کے عوض شارجہ وارئیرز کے چار کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، فخر زمان نے فتح چھین لی

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل لیگ ٹی ٹوئنٹی میں محمد عامر اور فخر زمان کی شاندار کارکردگی کی بدولت ڈیزرٹ وائپرز نے شارجہ وارئیرز کو شکست دے دی۔ ڈیزرٹ وائپرز اور شارجہ وارئیرز کے درمیان گزشتہ روز میچ میں شارجہ وارئیرز نے پہلے بیٹنگ کی اور صرف 91 بنائے، اس موقع پر محمد عامر نے شاندار باؤلنگ کا مظاہرہ کیا۔ محمد عامر نے چوبیس رنز کے عوض شارجہ وارئیرز کے چار کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، شاندار باؤلنگ پر انہیں مین آف دی میچ بھی قرار دیا گیا۔ شارجہ وارئیرز کی جانب سے حسین رائے 30 رنز بنا کر نمایاں رہے، لیوک ویلز اور ہرمیت سنگھ گیارہ گیارہ رنز بنا سکے، ان کے علاوہ کوئی کھلاڑی خاطر خواہ کارکردگی نہ دکھا سکا۔ 92 رنز کے ہدف کے تعاقب میں فخر زمان کی شاندار بیٹنگ کی بدولت ڈیزرٹ وائپرز نے بغیر وکٹ گنوائے دس اوورز میں ہی فتح سمیٹ لی، فخر زمان نے 71 رنز بنائے اس میں ان کے چار چھکے اور سات چوکے شامل تھے، ان کے ساتھ ایلیکس ہیلز نے 23 رنز بنائے۔ دونوں کھلاڑی ناٹ آؤٹ رہے۔ اس طرح ڈیزرٹ وائپرز نے شارجہ وارئیرز کو دس وکٹوں سے شکست دے کر بڑی فتح اپنے نام کی، اس فتح میں دونوں پاکستانی کھلاڑیوں محمد عامر اور فخر زمان کا اہم کردار رہا۔

صائم ایوب کے حوالے سے بڑی خبر' ڈاکٹرز کا آپریشن سے انکار



ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان پہلے ٹیسٹ کرکٹ میچ کے دوسرے دن شاٹ کھیل رہے ہیں (عامر قریشی/اے ایف پی)

سرجری کی ضرورت نہیں اور وہ ری ہیب پلان پر عمل کر کے مکمل فٹ ہوسکتے ہیں' ڈاکٹرز

لندن (این این آئی) ٹخنے کی انجری کا شکار ہو کر لندن میں زیر علاج پاکستانی بیٹر صائم ایوب کا ڈاکٹروں نے آپریشن کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ پاکستان کے نوجوان باصلاحیت اوپننگ بلے باز صائم ایوب جو جنوبی افریقہ کے خلاف کیپ ٹاؤن ٹیسٹ میں فیلڈنگ کے دوران ٹخنے کی انجری کا شکار ہوگئے تھے اور چیئرمین پی سی بی کی ہدایت پر انہیں علاج کے لیے فوری لندن لے جایا گیا۔ اب ان کی صحت کے حوالے سے اہم خبر سامنے آئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بتایا ہے کہ لندن میں صائم ایوب کا علاج کرنے والے ڈاکٹروں نے بیٹر کا آپریشن کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ ڈاکٹروں کے مطابق کرکٹر کو سرجری کی ضرورت نہیں اور وہ ری ہیب پلان پر عمل کر کے مکمل فٹ ہو سکتے ہیں۔ تاہم ان کے بحالی پروگرام کے ذریعے فٹنس حاصل کرنے میں مزید وقت لگ سکتا ہے، اس لیے ان کی چیمپئنز ٹرافی میں شرکت مشکوک ہوگئی ہے نوجوان اوپنر صائم ایوب کی سرجری نہیں ہوگی تاہم ری ہیب میں مزید وقت لگ سکتا ہے جس کے باعث انکی چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ میں شمولیت پر سوالیہ نشان تاحال برقرار ہے۔ سلیکشن کمیٹی نے چیمپئنز ٹرافی کے لیے قومی ٹیم کے حتمی اسکواڈ کی فہرست تیار کرلی ہے۔ تاہم انہیں ڈاکٹروں کی مکمل رپورٹ کا انتظار ہے۔ صائم ایوب کی مکمل رپورٹس کا جائزہ لینے اور ڈاکٹر کی مشاورت کے بعد اسکواڈ کے ناموں کی فہرست بورڈ سربراہ محسن نقوی کو دی جائے گی۔



اسلام آباد میں ویسٹ انڈیز کے کھلاڑی پاکستان کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل پریکٹس کرتے ہوئے (اے ایف پی/عامر قریشی)

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

مسائل کے حل کیلئے میرٹ ممکن بنایا جائیگا: ڈی پی او فیصل شہزاد

سیالکوٹ پولیس صحافیوں کیساتھ بہتر رویہ اپنائے گی: میٹ دی پریس میں اظہار خیال



سیالکوٹ (بیورو چیف) ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے سیالکوٹ پریس کلب کے صحافیوں کیساتھ خصوصی ملاقات کا انعقاد پولیس لائنز کانفرنس روم میں ہوا۔ نئے تعینات ہونے والے ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے فرداً فرداً صحافیوں کیساتھ مصافحہ کیا۔ میٹ دی پریس خصوصی تعارفی میٹنگ کے دوران ڈی پی او فیصل شہزاد کا کہنا تھا کہ صحافی معاشرے کی آنکھیں اور کان ہیں اور میں اپکو یقین دہانی کراتا ہوں کہ ضلع سیالکوٹ سے جرائم کی بیخ کنی کے لئے اور معاشرے سے قانون شکنی و نقص امن کیلئے خطرہ بننے والے عناصر کیخلاف بھرپور کاروائیاں عمل میں لائے گی۔ اس کیلئے سیالکوٹ پولیس کی صحافیوں کے ساتھ کوارڈینیشن کے ساتھ سیالکوٹ کو امن کا گہوارہ بنائیں گے۔ انتہائی مشفق و منکسر المزاج رویہ کے حامل ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ نے صحافیوں سے معاشرتی سدھار کیلئے تجاویز بھی لیں اور کہا کہ مثبت طرز عمل کی گرین جرنلزم شہریوں کی جان ومال یقینی بنانے میں پولیس کی معاون ثابت ہوتی ہے۔ وعدہ ہے کہ میرٹ پر جائز کاموں میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی۔ وزیراعلیٰ پنجاب وآئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات کے عین مطابق مسائل وشکایات کے حل کیلئے پولیس کے پاس آئے شہریوں کیساتھ پولیس کا رویہ بہتر سے بہتر کرنے کی ہدایات کے ساتھ موثر کرائم کنٹرول میکنزم اپناتے ہوئے سیالکوٹ کے مختلف تھانہ جات کے سرپرائز وزٹس کے دوران افسران کو تھانہ جات میں صفائی کے انتظامات بہتر کرنے کا کہا ہے۔ محکمانہ اہم ہدایات پیش کیساتھ گشت بڑھانے کا کہا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کا کہنا تھا کہ میں نے عوامی مسائل سننے کیلئے پولیس کھلی کچہریاں تھانہ کی بجائے تھانہ سے باہر عوام کے درمیان لگا رہا ہوں تاکہ شہریوں کو مسائل وشکایات کے ازالہ کیلئے مجھ تک رسائی حاصل رہے مزید اس ضمن میں ڈی پی او آفس کا دروازہ شہریوں کیلئے کھلا ہے۔

ملکی معیشت کیلئے حکومتی اقدامات خوش آئند ہیں۔ وقاص اکرم اعوان

سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کا ملکی معیشت میں اہم رول ہے۔ سابق سفیر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر



سیالکوٹ (بیورو عامر جاوید) ملکی معیشت کیلئے حکومتی اقدامات خوش آئند ہیں۔ وقاص اکرم اعوان۔ سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کا ملکی معیشت میں اہم رول ہے۔ سابق سفیر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر ملکی معاشی استحکام کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ہمیشہ ہر حکومت کیساتھ مل کر ملک کو معاشی بھرانوں سے نکالنے کیلئے مکمل اقدامات کئے۔ سیالکوٹ بزنس کمیونٹی واحد کمیونٹی ہے کہ جنہوں نے کنٹونمنٹ بورڈ سمیت ہر قسم کے مشکل حالات میں بھی ایکسپورٹس کر کے وطن عزیز کیلئے زرمبادلہ کما کر دیا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین وقاص اکرم اعوان سابق سفیر نائب صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ نے میڈیا نمائندگان کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ بزنس کمیونٹی نے قائد محترم ریاض الدین شیخ کی قیادت میں ہر شعبہ میں میگا پراجیکٹس ہوں یا سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ، ایئر سیال، سیالکوٹ ڈرائی پورٹ ٹرسٹ یا پھر سیالکوٹ ایکسپورٹ پروموشن و پراسیسنگ زونز الغرض ہر کاروباری شعبہ ہائے اور سوشل سیکٹر میں سیالکوٹ سٹی ڈویلپمنٹ پراجیکٹس و شعبہ ہیلتھ وغیرہ ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ کی بزنس کمیونٹی کو اسکے مثبت عملی اقدامات دنیا بھر میں ممتاز کرتے ہیں۔

یو ایس ٹریولز اینڈ ٹورز کی شاندار افتتاحی تقریب کا انعقاد



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) یو ایس ٹریولز اینڈ ٹورز کی شاندار افتتاحی تقریب کا انعقاد چیئرمین مرکزی انجمن تاجران محمد افضل منشاء، ایگزیکٹو ممبر ائیر سیال عدنان یوسف، چیئرمین سندس فاؤنڈیشن چوہدری سرفراز احمد، سماجی وسیاسی شخصیت چوہدری احمد فاروق ساہی، ماہر تعلیم چوہدری سلیم یونس چیمہ و دیگر نے افتتاح کیا۔ چیف ایگزیکٹو یو ایس ٹریولز اسامہ تتار نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معیاری سروسز دینا ہماری اولین ترجیح ہے حج وعمرہ و دیگر ممالک کے سفر کی معلومات کے لئے ہم 24 گھنٹے حاضر ہیں حج و عمرہ و دیگر ممالک کے سفر کو یادگار بنانے کیلئے ہماری سروسز سے فائدہ اٹھائیں تقریب میں چیئرمین صوت القراء نوید احمد مغل، حافظ عبدالغفار محمد شاہد بٹ پیغام ویلفیئر فاؤنڈیشن، عثمان رشید، فیصل بھٹی، ظفر اقبال ڈار سابق ناظم سینئر صحافی امین رضا مغل و دیگر نے شرکت کی تقریب کے اختتام پر دعائے خیر کی گئی

ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا شہر میں تجاوزات کے خلاف جاری



ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم سپرا سے) ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا شہر میں تجاوزات کے خلاف جاری مہم پر اظہار اطمینان، تاجر از خود تجاوزات کا خاتمہ کریں تاکہ خریداری کے لئے آنے والوں کو آسانی ہو۔ پمپ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں پر کام ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے۔ وہ یہاں کمشنر آفس میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں سی ای او ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افتخار احمد، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد اور اے سی جنرل رائے فیصل عمران سمیت کارپوریشن کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے چیف آفیسر کو ہدایت کی کہ راستوں میں رکاوٹ ڈالنے والے تمام سرکاری محکموں کے بورڈ کو بھی ہٹانے کے نوٹسز جاری کئے جائیں۔ انہوں نے منظور کالونی میں سیوریج لائن ڈالنے کی راہ میں حائل تجاوزات کو بھی فوری گرانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں پمپ کے انجینئر حمزہ چوہان نے بتایا کہ کالج روڈ کی تکمیل کا کام تیزی سے جاری ہے اور توقع ہے کہ 10 فروری سے کارپٹنگ کا کام شروع ہو جائے گا۔

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ویژن تجاوزات سے پاک پنجاب پر عملدرآمد کیلئے ضلعی افسران فیلڈ میں متحرک

فصور (بیورو چیف) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ویژن تجاوزات سے پاک پنجاب پر عملدرآمد کیلئے ضلعی افسران فیلڈ میں متحرک ڈپٹی کمشنر کے احکامات پر ضلع بھر میں تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشنز جاری، مین سڑکوں، بازاروں اور شاہراؤں پر عارضی رکاوٹیں ہٹا کر سامان ضبط، سڑک کی حدود اور نالوں کے اوپر تعمیر پختہ تھڑے بھاری مشینری کی مدد سے مسمار، شہریوں کا تجاوزات کیخلاف آپریشن کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن تجاوزات سے پاک پنجاب پر عملدرآمد کیلئے ضلعی افسران فیلڈ میں متحرک، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان کے حکم پر ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشنز جاری ہیں، مین سڑکوں، بازاروں اور شاہراؤں پر عارضی تجاوزات کو ختم کر کے سامان کو ضبط کیا گیا جبکہ سڑکوں کی حدود و نالوں کے اوپر تعمیر پختہ تھڑے بھاری مشینری کی مدد سے مسمار کر کے سڑکوں اور بازاروں کو کشادہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی قصور عمر اویس کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی، پنجاب پولیس، ٹریفک، ہیڈ ولنگ پولیس، سیکرٹری ڈی آر سی اے نمائندہ پر مشتمل سکواڈ نے نیا بازار، فیصل بازار، دالگرہ بازار، اردو بازار، صرافہ بازار، لنڈا بازار، شمسی مارکیٹ، چاندنی چوک، چوڑی مارکیٹ سمیت دیگر علاقوں میں، اسسٹنٹ کمشنر چونیاں طلحہ انور کی نگرانی میں کنگن پور اور الہ آباد میں اور اسسٹنٹ کمشنر تحصیل کوٹ رادھا کشن ڈاکٹر محمد انس سعید کی نگرانی میں شہر کے مختلف بازاروں اور شاہراؤں پر تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشنز کئے گئے۔

انجمن تاجران سیٹلائٹ ٹاؤن کے الیکشن 2025-26ء کیلئے 23 جنوری شام 5 بجے تک کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ مقرر کی گئی تھی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) انجمن تاجران سیٹلائٹ ٹاؤن کے الیکشن 2025-26ء کیلئے 23 جنوری شام 5 بجے تک کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ مقرر کی گئی تھی۔ اس سلسلہ میں آخری تاریخ تک الیکشن کمیشن انجمن تاجران سیٹلائٹ ٹاؤن کے پاس صرف اتحاد گروپ کے امیدواران نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے۔ اس طرح کاغذات نامزدگی جمع کروانے کا مقررہ وقت ختم ہونے پر الیکشن کمیشن انجمن تاجران سیٹلائٹ ٹاؤن نے اتحاد گروپ کے تمام امیدواران کی بلامقابلہ کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، نوٹیفکیشن کے مطابق نومنتخب عہدیداران میں صدر محمد الرحمن خان، سینئر نائب صدر شاہد محمود مغل، جنرل سیکرٹری آصف محمود، نائب صدر نعمان ریاض شیخ، نائب صدر ساجد سہیل مغل، نائب صدر حارث عاصم قیوم، نائب صدر شیخ رحمان انیس، فنانس سیکرٹری حاجی محمد جمیل، انفارمیشن سیکرٹری چوہدری علی رضا، جائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر زین سلیم شامل ہیں۔ یاد رہے انجمن تاجران اتحاد گروپ کے سرپرست اعلیٰ ملک عبدالخالق، سرپرست حاجی ارشاد احمد، چیئرمین جہانگیر بٹ، وائس چیئرمین محمد اسلم وڑائچ جبکہ ممبران سپریم کونسل میں رانا شہزاد، عاصم احمد خان، محمد ابوبکر، اختر جبار چغتائی شامل ہیں۔



جامعہ فریدیہ قمر الاسلام میں حفظ القرآن، تجوید القرآن، ناظرہ القرآن، درس نظامی کی تعلیم جاری ہے

آج تک جامعہ سے 81 طلبہ وطالبات حفظ قرآن مکمل کر چکے ہیں، علامہ غلام فرید سیالوی کی میڈیا سے گفتگو

سمندری (تحصیل رپورٹر) جامعہ فریدیہ قمر الاسلام (جامعہ مسجد شیر ربانی) محلہ اشرف آباد سمندری کے علامہ غلام فرید سیالوی کی زیر نگرانی طلباء کی حفظ کلاسز کا آغاز 2018 میں ہوا جبکہ طالبات کی کلاسز کا آغاز 2019 میں ہوا، الحمدللہ آج تک جامعہ سے 81 طلبہ و طالبات حفظ قرآن مکمل کر چکے ہیں، 2024 میں 28 طلبہ اور 10 طالبات، کل 38 حفاظ کرام نے قرآن پاک کی تکمیل حاصل کی، جامعہ میں حفظ القرآن، تجوید القرآن، ناظرہ القرآن، درس نظامی کے شعبہ جات اور ان کے علاوہ عصری تعلیم کا بھی خصوصی انتظام موجود ہے جس میں طلباء کو حفظ قرآن کے بعد مڈل کی تعلیم دی جاتی ہے اور درس نظامی کیساتھ ساتھ عصری تعلیم میٹرک، ایف اے، بی اے اور ایم اے کی تعلیم بھی دی جاتی ہے، اس وقت جامعہ میں داخل زیر تعلیم والے طلبہ وطالبات کی تعداد 360 ناظرہ تعلیم کی 117 کل طلبہ و طالبات کی تعداد 477 ہے جبکہ 23 اساتذہ کرام تدریس کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اس کے علاوہ انتظامی امور کیلئے معززین کی کمیٹی بھی قائم ہے، یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ جامعہ کا سالانہ بجٹ تقریباً ایک کروڑ روپے ہے۔

ٹرمپ کا فلسطین کی مخالفت میں اسرائیلی سیٹلرز پر پابندیاں ختم کرنا قابل افسوس ہے: رانا بشارت علی

وزیرآباد (نامہ نگار) ٹرمپ کا فلسطین کی مخالفت میں اسرائیلی سیٹلرز پر پابندیاں ختم کرنا قابل افسوس ہے۔ نومنتخب امریکی صدر کے فیصلے نے انسانی حقوق کے اصولوں کو پامال کیا ہے۔ ایسے متنازع اقدامات سے خطے میں امن کی کوششوں میں رکاوٹیں حائل ہو جائیں گی۔ ان خیالات کا اظہار بانی و مرکزی چیئرمین انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ رانا بشارت علی خان نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مرکزی چیئرمین انٹرنیشنل ہیومین رائیٹس موومنٹ رانا بشارت علی خان نے کہا ہے کہ ٹرمپ کا فلسطین مخالف فیصلہ ظلم اور جبر کو تقویت دیتا ہے۔ نو منتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے فلسطین کے حوالے سے کیے گئے حالیہ ایگزیکٹو آرڈر فلسطینی عوام کے خون کے ساتھ دشمنی کا ثبوت ہے۔ اس فیصلے میں ٹرمپ نے سابق صدر بائیڈن کے دور میں غیر قانونی اسرائیلی سیٹلرز پر عائد پابندیوں کو ختم کر دیا ہے، جو مقبوضہ مغربی کنارے میں فلسطینی عوام کے خلاف تشدد اور املاک پر قبضے میں ملوث تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے خطے میں امن قائم کرنے کی ہر کوشش میں رکاوٹ پیدا کر دی ہے اور مسئلہ فلسطین کے دو ریاستی حل کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ یہ افسوسناک ہے کہ جب دنیا غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت پر توجہ مرکوز کیے ہوئے تھی، مغربی کنارے میں اسرائیلی سیٹلرز کے بڑھتے ہوئے تشدد نے بین الاقوامی برادری کی آنکھیں کھولدی تھیں۔ بائیڈن انتظامیہ کا ان ظالم گروہوں پر دباؤ ڈالنا اور پابندیاں عائد کرنا امن کے لیے ایک مثبت قدم تھا، لیکن ٹرمپ کا یہ فیصلہ ان تمام کوششوں پر پانی پھیر دیتا ہے۔ انہوں نے عالمی برادری اور اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر اس فیصلے کا نوٹس لیں اور فلسطینی عوام کے بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔

یو ایس ٹریولز اینڈ ٹورز کی شاندار افتتاحی تقریب کا انعقاد



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) یو ایس ٹریولز اینڈ ٹورز کی شاندار افتتاحی تقریب کا انعقاد چیئرمین مرکزی انجمن تاجران محمد افضل منشاء، ایگزیکٹو ممبر ائیر سیال عدنان یوسف، چیئرمین سندس فاؤنڈیشن چوہدری سرفراز احمد، سماجی وسیاسی شخصیت چوہدری احمد فاروق ساہی، ماہر تعلیم چوہدری سلیم یونس چیمہ و دیگر نے افتتاح کیا۔ چیف ایگزیکٹو یو ایس ٹریولز اسامہ تتار نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معیاری سروسز دینا ہماری اولین ترجیح ہے حج وعمرہ و دیگر ممالک کے سفر کی معلومات کے لئے ہم 24 گھنٹے حاضر ہیں حج و عمرہ و دیگر ممالک کے سفر کو یادگار بنانے کیلئے ہماری سروسز سے فائدہ اٹھائیں تقریب میں چیئرمین صوت القراء نوید احمد مغل، حافظ عبدالغفار محمد شاہد بٹ پیغام ویلفیئر فاؤنڈیشن، عثمان رشید، فیصل بھٹی، ظفر اقبال ڈار سابق ناظم سینئر صحافی امین رضا مغل و دیگر نے شرکت کی تقریب کے اختتام پر دعائے خیر کی گئی

ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا شہر میں تجاوزات کے خلاف جاری



ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم سپرا سے) ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا شہر میں تجاوزات کے خلاف جاری مہم پر اظہار اطمینان، تاجر از خود تجاوزات کا خاتمہ کریں تاکہ خریداری کے لئے آنے والوں کو آسانی ہو۔ پمپ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں پر کام ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے۔ وہ یہاں کمشنر آفس میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں سی ای او ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افتخار احمد، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد اور اے سی جنرل رائے فیصل عمران سمیت کارپوریشن کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے چیف آفیسر کو ہدایت کی کہ راستوں میں رکاوٹ ڈالنے والے تمام سرکاری محکموں کے بورڈ کو بھی ہٹانے کے نوٹسز جاری کئے جائیں۔ انہوں نے منظور کالونی میں سیوریج لائن ڈالنے کی راہ میں حائل تجاوزات کو بھی فوری گرانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں پمپ کے انجینئر حمزہ چوہان نے بتایا کہ کالج روڈ کی تکمیل کا کام تیزی سے جاری ہے اور توقع ہے کہ 10 فروری سے کارپٹنگ کا کام شروع ہو جائے گا۔

ڈسکہ بار میں کلین سویپ کرنیوالے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) معروف سیاسی سماجی شخصیت چیف ایگزیکٹو اپنا ٹاؤن چوہدری احمد فاروق ساہی نے پروفیشنل گروپ آف لائرز کی طرف سے ڈسکہ بار میں کلین سویپ کرنے والے نومنتخب عہدیداران صدر چوہدری اظہر نذیر دھاریوال، جنرل سیکرٹری رانا عبدالرحیم و دیگر سے ملاقات کی انہوں نے کہا کہ پروفیشنل گروپ آف لائرز نے اس بار بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کر کے تاریخ رقم کی ہے انہوں نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور ان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں اہل علاقہ کیلئے سردرد بن گئیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں اہل علاقہ کیلئے سردرد بن گئیں روزانہ کی بنیاد پر ہونے والی وارداتوں نے اہل علاقہ کو ہلا کر رکھ دیا موٹر سائیکل چوری سمیت راہزنی کے واقعات میں اضافے سے اہل علاقہ شدید پریشان ہیں ڈاکوؤں نے راہگیروں سے تین موٹر سائیکلیں چھین لیں کوٹو کے قریب ڈاکوؤں نے احمدامین سے اپاچی فلہ ہنڈا 70 چھین لی کھچلی کے قریب ڈاکوؤں نے طیب سے ہنڈا 70 موٹر سائیکل اور 17500 نقدی چھین لی پنڈوری کے قریب ڈاکوؤں نے محمد تیمور سے موٹر سائیکل چھین لی اکبر پورہ کا رہائشی سلیمین عالمگیر گھر جارہا تھا محمدی والا روڈ پر ڈاکوؤں نے سارے دن کی سیل 1 لاکھ 65 ہزار روپے نقدی چھین لی رتہ گجراں میں عارف کے کھیتوں سے 80 ہزار روپے مالیت کی موٹر اور پنکھا چوری کرتو کے قریب ڈاکوؤں نے افضال حسین سے 26 ہزار روپے نقدی چھین لی نارنگ موڑ سے کچھ فاصلے پر ڈاکوؤں نے تین سے 16 ہزار نقدی چھین لی نارنگ پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

تھانوں میں SIPS پروٹوکول اور انتظامی امور کی کڑی نگرانی

جھنگ (بیورو رپورٹ) تھانوں میں SIPS پروٹوکول اور انتظامی امور کی کڑی نگرانی، ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کا پولیس اسٹیشنز میں ایڈمن افسران کی تعیناتی کا فیصلہ۔ ڈی پی او کی زیر صدارت ضلع بھر کے تھانوں کے محرران کی میٹنگ، اہم ہدایات جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر صدارت ضلع بھر کے تھانوں کے محرران کی میٹنگ کے دوران اہم ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ تھانہ جات میں SIPS پروٹوکول اور انتظامی امور کی کڑی نگرانی کیلئے ایڈمن افسران کی تعیناتی عمل میں لائی جارہی ہے۔ ریکارڈ کی تکمیل میں سستی اور لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ ہر شہری کی درخواست کو ای ٹیگ کیا جائے، بغیر ای۔ ٹیگ درخواست کی شنوائی ہرگز نہ کی جائے۔ سیکورٹی کا خاص خیال رکھا جائے، تھانہ جات کے گیٹ اور چھتوں پر اہلکاروں کو الرٹ رکھا جائے۔ ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن پر موصول ہونے والی درخواستوں کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے۔

محکمہ صحت کے زیر انتظام قائم حفاظتی ٹیکوں کے سنٹر کی دو ہفتہ قبل بلدیہ کی طرف سے بجلی کاٹ دی گئی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) محکمہ صحت کے زیر انتظام قائم حفاظتی ٹیکوں کے سنٹر کی دو ہفتہ قبل بلدیہ کی طرف سے بجلی کاٹ دی گئی جس کی وجہ سے واٹر فلٹریشن پلانٹ بھی بند ہے اور ویکسین بھی خراب ہونے اور مضر صحت ویکسین لگنے سے کمسن بچے شدید متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے جس پر شہریوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے انچارج اور عملہ کا کہنا ہے کہ 50 سال سے قائم یہ ویکسی نیشن سنٹر بچوں کو مفت حفاظتی ٹیکے اور ویکسین لگا رہا ہے مگر بغیر نوٹس کے میونسپل کمیٹی کی طرف سے سنٹر کی بجلی کاٹ دی گئی ہے اور دو ہفتے سے یہاں پر بجلی نہ ہونے کی وجہ سے بیشمار مسائل پیدا ہو رہے ہیں

قصور شہر اور مضافاتی علاقوں میں ڈاکو راج

پولیس بے بس، ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی درجنوں وارداتوں میں شہری قیمتی اشیا سے محروم

قصور (بیورو چیف) قصور شہر اور مضافاتی علاقوں میں ڈاکو راج، پولیس بے بس، ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی درجنوں وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہریوں کو لاکھوں روپے نقدی، طلائی زیورات، موٹر سائیکلز، رکشہ، موبائل فون، ٹرانسفارمر و دیگر قیمتی سامان سے محروم کر دیا، تھانہ صدر قصور میں محمد عثمان نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ دو ہیلپرز کے ساتھ تھیم چوک سے قصور آتے ہوئے دو کس نے اسلحہ دکھا کر زبردستی 31.5 لاکھ روپے و دیگر سامان لوٹ لیا ہے۔ تھانہ بی ڈویژن میں کوٹ غلام محمد خاں کے رہائشی حافظ منیب نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ ضلع کچہری کے پاس کھڑی میری موٹر سائیکل نمبری 1651/LEN/17 نامعلوم چور لے گئے ہیں، تھانہ کنگن پور میں محمد سلیم بیگ نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ پل میرے ایک ہوٹل کے باہر کھڑی میری موٹر سائیکل نمبری 3695/LEM/12 نامعلوم چور لے گئے ہیں، تھانہ چھانگا مانگا میں فیصل نے مقدمہ درج کروایا ہے رکشہ لیکر گھر کو جاتے ہوئے تین کس نے اسلحہ کے زور پر مجھ سے 50.1 لاکھ روپے نقدی، میرا رکشہ و دیگر سامان زبردستی لوٹ لیے ہیں

ڈی پی او قصور کی منشیات فروشوں کے خلاف خصوصی ہدایت پر پولیس کی کامیاب کاروائی، بدنام زمانہ منشیات فروش ملزم گرفتار

قصور (بیورو رپورٹ) ڈی پی او قصور کی منشیات فروشوں کے خلاف خصوصی ہدایت پر پولیس کی کامیاب کاروائی، بدنام زمانہ منشیات فروش ملزم گرفتار لاکھوں روپے کی ایک کلو گرام آئس ہیروئن برآمد، مقدمہ درج۔ تھانہ کنگن پور پولیس کی ایس ایچ او محمد اسلم بھٹی کی سربراہی میں منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی، کامیاب کاروائی کے نتیجے میں بدنام زمانہ منشیات فروش عمران رحمان عرف مانی گرفتار، ملزم کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی ایک کلو گرام آئس ہیروئن برآمد، ملزم عرصہ دراز سے منشیات کا مکروہ دھندہ کر کے نوجوان نسل کو تباہ کر رہا تھا، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تھانہ کنگن پور پولیس نے ڈی پی او محمد عیسیٰ کی ہدایت پر ملزم کو گرفتار کیا، عوامی سماجی حلقوں، سول سوسائٹی کے نمائندوں کا پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف خصوصی مہم چلانے پر خراج تحسین

پولیس تھانہ کسووال کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

نقب زنی کرنیوالا شہریار عرف شہری گینگ کے دو ارکان گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 18 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد



ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم سپرا سے) پولیس تھانہ کسووال کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، نقب زنی کرنیوالا شہریار عرف شہری گینگ کے دو ارکان گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 18 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ معہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ دو پسٹل 30 بور برآمد تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ کسووال سب انسپکٹر ذیشان بشیر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ڈکیتی معہ نقب زنی کرنے والا شہریار عرف شہری گینگ کے دو ارکان کو گرفتار کر لیا ملزمان کے قبضہ سے 18 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ اور وارداتوں میں استعمال لائے جانے والا ناجائز اسلحہ دو عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیے۔ ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں اور ملزمان کے خلاف ڈکیتی معہ نقب زنی کے 9 مقدمات درج ہیں

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق پنجاب کے سنیئر اور تجربہ کار آفیسر

تحریر۔۔۔رانا طارق محمود رانا آصف

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق حکومت پنجاب کے تجربہ کار، فرض شناس اور سینئر آفیسر ہیں۔ انہوں نے حافظ آباد بطور ڈپٹی کمشنر تعیناتی سے قبل وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں بطور ایڈیشنل سیکرٹری فرائض سرانجام دیے اور وہ اپنے کام پر پوری طرح عبور اور گرفت رکھتے ہیں۔ ایک حکومتی آفیسر ہونے کے ساتھ ساتھ عوامی مسائل کا فوری حل، دفتر آنے والے تمام افراد سے انتہائی ملنساری،

خوش اخلاقی اور محبت سے پیش آنا شروع سے ہی انکا خاصہ رہا ہے اور ویسے بھی انکا دفتر عوام کے لیے ہمہ وقت کھلا رہتا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوامی، فلاحی اقدامات، اداروں کی بہتری، عوام کو بہتر سروسز وزیراعلیٰ کے تھراء پنجاب پروگرام کے تحت شہری اور دیہی علاقوں کی صفائی ستھرائی

،تجاوزات کا خاتمہ، پارکوں کی صفائی و بحالی، شہر کی خوبصورتی سمیت دیگر عوامی فلاحی کاموں پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔ صبح دفتر آنے سے قبل اور بعد از دفتری اوقات وہ شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں کے اچانک دورے کر کے وہاں صفائی ستھرائی کے نظام کا خود جائزہ لیتے ہیں۔ ان دنوں شہر سے تجاوزات کے خاتمہ کیلئے گرینڈ آپریشن کر وایا جا رہا ہے شہر کے عوامی مقام کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ اندرون شہر دونوں پارکوں اور ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے عقب پر لب نہر کینال پارک کی بحالی، صفائی ستھرائی اور تزئین و آرائش کا کام جاری و ساری ہے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی خصوصی کاوش سے بائی پاس، شہر کے داخلی راستوں اور اندرون شہر کی تمام اہم شاہراؤں پر خوبصورت سائن بورڈ لگائے گئے ہیں۔ جس سے بیرون شہر سے آنے والے افراد کو سہولت اور راہنمائی حاصل ہو رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز جیسی برق رفتاری سے صوبہ بھر میں تعلیم کے فروغ، طلباء و طالبات کو وظائف دینے اور تعلیمی اداروں کی بہتری کیلئے کام کر رہی ہیں انہی کے وژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق ضلع بھر کے ایسے تمام سکول جو ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے آؤٹ سورس کر کے پیپ کے حوالہ کیے گئے ہیں۔ ان تمام سکولوں اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تمام سکولوں کے روزانہ کی بنیاد پر دورے بھی کر رہے ہیں اور وہاں سکولوں میں طلباء و طالبات کی تعلیمی صورتحال، درس و تدریس کے انتظامات، بچوں کی تعلیمی و تحقیقی صلاحیتوں کا خصوصی طور پر جائزہ لے رہے ہیں اور فن سکولوں میں سہولیات کی کمی ہے وہاں سہولیات کی دستیابی کیلئے عملی طور پر اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں تا کہ ہمارے دیہات کے بچے بھی ایک اچھے خوشگوار ماحول میں تعلیم حاصل کر سکیں۔ صحت کی بہتر سہولیات کسی بھی معاشرے کیلئے بے حد ضروری ہیں اور جس طرح وزیراعلیٰ مریم نواز کی سربراہی میں حکومت پنجاب عوام کو صحت کی معیاری اور جدید سہولیات کی فراہمی کیلئے خوشاں ہے تو اسی طرح ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق ضلع کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں صبح، دوپہر، شام، رات کے کسی وقت بھی اچانک دورے کرتے اور وہاں مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، ادویات کی مفت فراہمی

روزنامہ ”قوت“ لاہور (7) جمعۃ المبارک 24 جنوری 2025ء

”قوت“ کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

اشتہار برائے گمشدگی کاغذات

میرا موٹر سائیکل نمبری CTK-16-1255 کے ماڈل وکالی دوران سڑکم ہوگئے ہیں ملنے پر فورا ہمیں اس پتہ پر اطلاع دے۔

راشد، ہمدم اللہ والہ دلہ ہمدم اللہ محکہ شاہد بان چنیوٹ

اشتہار برائے گمشدگی کاغذات

میرا موٹر سائیکل نمبری CTK-16-1255 کے ماڈل وکالی دوران سڑکم ہوگئے ہیں ملنے پر فورا ہمیں اس پتہ پر اطلاع دے۔

راشد، ہمدم اللہ والہ دلہ ہمدم اللہ محکہ شاہد بان چنیوٹ

042-3636003

نتیجہ — 1

آفرین سیکل۔ سلطان الاتھاق، سلطان اقبال، شکیل مسعود، شاہد ملک اور کامی خان شریک ہے۔ اس موقع پر وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ حکومت اور میڈیا کا باہمی اعتماد کا رشتہ ہے۔ حکومتی پالیسیوں پر میڈیا کی تنقید تعمیر گوش کی بھتری کیلئے بہت ضروری ہے، میڈیا کی تنبیری تنقید سے حکومت خود ہتم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد اور بے خوف میڈیا کے ریاست کا بھتوں ستون ہے پر یقین رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آزادان کا رکنان حتاتی طور پر تیار کردہ ملکی ترقی کا منصوبہ ہے۔ جس کو میڈیا اور تمام سیکٹ ہولڈرز نے تعاون سے کامیاب بنانے ہیں کے، اللہ کے فضل و کرم سے ملکی استحکام کے بعد پاکستان کی ترقی کی دوسرا شروع ہوچکی ہے۔

نتیجہ — 2

کاشروروں کے ساتھ جدید تعلیم کے ثمرات عام کرنے میں نجکاری کا کامیابی پر خوش ہوں اور سب کو مبارکباد دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک کو تبھی نظام پاکستان پارٹی نے دیا ہے۔ پاکستان پارٹی نے جو تحقیق کی ہے اس کا شریف محترمہ بیشتر بھوٹو نے آمروں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کی بہت دروں دی ہے۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ لیبر کے اپنچنڈ کے پر وہ مت کیے ہے، پیپلز پارٹی نے تھوانہوں، پنشن میں اضافہ کیا، مزدوری ترقی کے ساتھ تعصیبات کی ترقی بھی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں کوئی ایسا انتظام نہیں ہے کہ جہاں حکومت وہاں کی مرضی کے بغیر چل سکے۔ آپ انتخابات کریں یا نہ کریں صدر وہ وزیراعظم یا وزیراعلیٰ، اپوزیشن میں وہ ظالم اسی مرضی پر چلتا ہے۔

نتیجہ — 3

زیادہ آبادی کے بارے میں انہوں نے کہا کہ یہ آبادی اسکول اور ڈی وائی پڑائیاں اور ذکارت سے کریز، اصلی ہمارے آرمایا ہے، ان کا پورا خطاب اثر ہزا ہے۔ خوبصورت ہے، ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی آبادی ایسے ہے جیسے کوئی بہت بڑا خزانہ ہو، ہمیں اس آبادی کو ہنر مند بنانا ہے، ہمیں ان سے ہنر مند افرادی قوت تیار کرنی ہے، ہمیں ان کو ہنر مند بنانا ہے، ہمیں ان کو ہنر مند بنانا ہے، ہمیں ان کو ہنر مند بنانا ہے۔

نتیجہ — 4

پاکستان کا اثاثہ ہونہ ہے کہ ہمارے ایک الاکھ، 13 ہزار 992 کی سطح پر ٹرپ کرتے دیکھا گیا۔ اسٹاک ایکسچینج میں تیزی، ایک الاکھ، 16 ہزار کی حدسطال بلاکرنی چھوتے ہوئے دیکھا گیا۔ وزیر خزانہ اورنگزیب نے اسٹاک ایکسچینج کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ شریف حکومت نے ہمیں ایک مستحکم معیشت دی ہے، ہم نے اس کو مزید بہتر بنانا ہے، ہمیں اس کو مزید مضبوط کرنا ہے، ہمیں اس کو مزید مستحکم کرنا ہے۔

نتیجہ — 5

20 صدر العام کے طور پر دے کا اعلان کیا ہے، ایک کارکن کے مطابق شیخ فیصل اور ایک کارکن نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ کی طرح پورا ساتھ دیا ہے، ہم

قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی کے سنٹرل پولیس آفس آمد

قومی امن کمیٹی کے 16 رکنی وفد کی ایڈیشنل آئی جی آپریشنز سے ملاقات، وفد میں وائس چیئرمین امن کمیٹی پنجاب میاں عمر، چیئرمین علماء بورڈ پنجاب مفتی اسحاق حسین و دیگر کی شمولیت

مضبوط پاکستان کا خواب تمام مذاہب کو اپنے شانہ بشانہ لے کے چلنے سے ہی ممکن ہے جبکہ تمام معاملات کے حامی مداراتی، امن، بھرائی اور بین المذاہب ہم آہنگی کے اصولوں پر عمل کریں، پنجاب شہزاد سلطان

لاہور (خبرنگار، کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزاد سلطان سے قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی کے 16 رکنی وفد نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ وفد میں وائس چیئرمین امن کمیٹی پنجاب میاں عمر، چیئرمین علماء بورڈ پنجاب مفتی اسحاق حسین، چیئرمین کمیٹی مسلک بورڈ پنجاب مولانا عاصم خدیم، نائب صدر امن کمیٹی چوہدری سمیر اور دیگر افراد شامل تھے۔ ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزاد سلطان نے وفد کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قومی امن کمیٹی پوری روح پر آزادی کے ساتھ، بغیر کسی دباؤ کے اپنے مثبت اور تعمیری کردار ادا کرے اور پنجاب پولیس ہر ممکن تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب پولیس کی ٹیمیں ہر وقت امن کمیٹی کے ساتھ رابطے میں رہیں گی۔ ڈی آئی جی (انویسٹی گیشن) ڈاکٹر حیدر اشرف، ایس ایس پی (ایڈمن) عمر سعید ملہی، ایس ایس پی (ٹریفک) عمیر احمد بھٹی، ایس ایس پی (آپریشنز) ڈاکٹر فیصل کامران، ایس ایس پی (ایچ کیو) ڈاکٹر اسد سرفراز، ایس ایس پی (ٹریننگ) ڈاکٹر فہد حیات، ایس ایس پی (ٹریفک ایجوکیشن) عمر ریاض، ایس ایس پی (ایس ایس یو) ڈاکٹر عثمان انور